رُبَمَا یَوَدُّ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا لَوۡ کَانُوۡا مُسۡلِمِیۡنَ (۲)

رُبَمَا بارہا یَوَدُّ آرزو کیا کریں گے الَّذِیۡنَ وہ لوگ جنہوں نے کَفَرُوۡا کفر کیا لَوۡ کاش کَانُوۡا وہ ہوتے مُسۡلِمِیۡنَ مسلمان

کافر لوگ بارہا یہ آرزو کیا کریں گے کہ کاش وہ مسلمان ہوتے۔

ذَرۡهُمۡ یَاۡكُلُوۡا وَ یَتَمَتَّعُوۡا وَ یُلۡهِهِمُ الۡاَمَلُ فَسَوۡفَ یَعۡلَمُوۡنَ (۳)

ذَرۡهُمۡ آپ چھوڑے انہیں یَاۡكُلُوۡا وہ کھائیں وَیَتَمَتَّعُوۡا اور مزے اڑائیں وَیُلۡهِهِمُ اور انہیں غفلت میں ڈالے رکھے الۡاَمَلُ جھوٹی آرزو فَسَوۡفَ کیونکہ عنقریب یَعۡلَمُوۡنَ انہیں لگ پتہ جائے گا

آپ چھوڑے انہیں، وہ کھاتے پیتے، مزے اڑاتے رہیں اور جھوٹی آرزوئیں انہیں غفلت میں ڈالے رکھیں، کیونکہ عنقریب انہیں لگ پتہ جائے گا۔

وَ مَاۤ اَهۡلَكۡنَا مِنۡ قَرۡیَةٍ اِلَّا وَ لَهَا كِتَابٌ مَّعۡلُوۡمٌ (٤)

وَ اور مَاۤ اَهۡلَكۡنَا ہم نے ہلاک نہیں کیا مِنۡ کوئی قَرۡیَةٍ بستی اِلَّا مگر وَلَهَا اس کے لیے كِتَابٌ ایک لکھا ہوا مَّعۡلُوۡمٌ مقررہ وقت

اور ہم نے جس بستی کو بھی ہلاک کیا، اس کا ایک مقررہ وقت لکھا ہوا تھا۔

مَا تَسۡبِقُ مِنۡ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَ مَا یَسۡتَاۡخِرُوۡنَ (٥)

مَا تَسۡبِقُ آگے نہیں نکل سکتی مِنۡ اُمَّةٍ کوئی امت اَجَلَهَا اس کی مقررہ مدت وَمَا اور نہ یَسۡتَاۡخِرُوۡنَ وہ پیچھے رہ سکتے ہیں

کوئی بھی قوم اپنی مقررہ مدتِ ہلاکت سے نہ تو آگے نکل سکتی ہے اور نہ ہی پیچھے رہ سکتی ہے۔

وَ قَالُوۡا یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡ نُزِّلَ عَلَیۡهِ الذِّكۡرُ اِنَّكَ لَمَجۡنُوۡنٌ (٦ؕ)

وَقَالُوۡا اور انہوں نے کہا یٰۤاَیُّهَا اے الَّذِیۡ وہ جو کہ نُزِّلَ اتارا گیا عَلَیۡهِ اس پر

الذِّكْرُ نصیحت نامہ اِنَّكَ بیشک تم لَمَجْنُوْنٌ البتہ دیوانہ

اور ان لوگوں نے یوں کہا کہ اے وہ شخص! جس پر یہ نصیحت نامہ اترا ہے، بلاشبہ تم تو دیوانے ہو۔

لَوْ مَا تَأْتِيْنَا بِالْمَلٰٓئِكَةِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ (٧)

لَوْ مَا کیوں نہیں تَأْتِيْنَا تو ہمارے پاس لے کر آتا بِالْمَلٰٓئِكَةِ فرشتوں کو اِنْ اگر كُنْتَ تو ہے مِنَ سے الصّٰدِقِيْنَ سچے لوگ

اگر تم سچے ہو تو ہمارے پاس فرشتوں کو کیوں نہیں لے کر آتے؟

مَا نُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ اِلَّا بِالْحَقِّ وَمَا كَانُوْٓا اِذًا مُّنْظَرِيْنَ (٨)

مَا نُنَزِّلُ ہم اتارا نہیں کرتے الْمَلٰٓئِكَةَ فرشتے اِلَّا مگر بِالْحَقِّ حق کے ساتھ وَمَا كَانُوْٓا اور وہ نہ ہوں گے اِذًا اس وقت مُّنْظَرِيْنَ مہلت دیئے گئے

ہم فرشتوں کو بغیر فیصلۂ حق دیے اتارا نہیں کرتے اور اس وقت لوگوں کو مہلت بھی نہیں دی جاتی۔

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ (٩)

اِنَّا نَحْنُ بیشک ہم نے نَزَّلْنَا نازل کیا الذِّكْرَ یہ نصیحت نامہ وَاِنَّا اور بیشک ہم لَهٗ اس کے لَحٰفِظُوْنَ نگہبان

بلاشبہ یہ نصیحت نامہ ہم نے ہی نازل کیا ہے اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ شِيَعِ الْاَوَّلِيْنَ (١٠)

وَلَقَدْ اور یقیناً اَرْسَلْنَا ہم نے بھیجے مِنْ سے قَبْلِكَ آپ سے قبل فِيْ میں شِيَعِ گروہ / امتیں الْاَوَّلِيْنَ پہلے والی

اور بلاشبہ ہم آپ سے قبل، پہلے والی امتوں میں بھی رسول بھیج چکے ہیں۔

وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ (١١)

وَمَا يَأْتِيهِمْ اور ان کے پاس نہیں آیا مِّنْ رَّسُوْلٍ کوئی رسول اِلَّا مگر كَانُوْا وہ تھے بِهٖ اس کا يَسْتَهْزِءُوْنَ مذاق اڑایا کرتے تھے

اور ان کے پاس ایک بھی رسول ایسا نہیں آیا جس کا انہوں نے مذاق نہ اڑایا ہو۔

كَذٰلِكَ نَسْلُكُهٗ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ (۱۲)

كَذٰلِكَ اسی طرح نَسْلُكُهٗ ہم اسے گزار دیا کرتے ہیں فِيْ میں قُلُوْبِ دل [جمع] الْمُجْرِمِيْنَ مجرم [جمع]

ہم اس [نصیحت نامے] کو مجرموں کے دلوں سے اسی طرح گزار دیا کرتے ہیں ......

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ (۱۳)

لَا يُؤْمِنُوْنَ وہ ایمان نہیں لاتے بِهٖ اس پر وَقَدْ خَلَتْ اور گزر چکی ہے / رہی ہے سُنَّةُ روش الْاَوَّلِيْنَ پہلے لوگ

کہ وہ اس پر ایمان نہیں لاتے اور پہلے لوگوں کی بھی یہی روش رہی ہے۔

وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ فَظَلُّوْا فِيْهِ يَعْرُجُوْنَ (۱٤)

وَلَوْ اور اگر فَتَحْنَا ہم کھول دیں عَلَيْهِمْ ان پر بَابًا کوئی دروازہ مِّنَ سے السَّمَآءِ آسمان فَظَلُّوْا پھر وہ دن دیہاڑے ہو جاتے فِيْهِ اس میں يَعْرُجُوْنَ چڑھتے

اور اگر ہم ان پر آسمان کا کوئی دروازہ کھول دیتے پھر وہ دن دیہاڑے اس میں چڑھنے بھی لگتے......

لَقَالُوْٓا اِنَّمَا سُكِّرَتْ اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ (۱۵)

لَقَالُوْٓا تب بھی یہی کہتے اِنَّمَا دراصل سُكِّرَتْ باندھ دی گئی ہیں اَبْصَارُنَا ہماری آنکھیں بَلْ بلکہ نَحْنُ ہم قَوْمٌ لوگ مَّسْحُوْرُوْنَ سحر زدہ

تب بھی یہی کہتے کہ دراصل ہماری آنکھیں باندھ دی گئی ہیں، بلکہ ہم تو سحر زدہ لوگ ہیں۔

وَلَقَدۡ جَعَلۡنَا فِی السَّمَآءِ بُرُوۡجًا وَّ زَیَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِیۡنَ ﴿ۙ۱۶﴾

وَلَقَدۡ اور یقیناً جَعَلۡنَا ہم نے بنائے فِی میں السَّمَآءِ آسمان بُرُوۡجًا قلعے وَّزَیَّنّٰهَا اور ہم نے اسے زینت بخشی لِلنّٰظِرِیۡنَ دیکھنے والوں کے لیے

اور بیشک ہم نے آسمان میں بہت سے قلعے بنائے اور اسے دیکھنے والوں کے لیے زینت بخشی ہے۔

وَ حَفِظۡنٰهَا مِنۡ کُلِّ شَیۡطٰنٍ رَّجِیۡمٍ ﴿ۙ۱۷﴾

وَحَفِظۡنٰهَا اور ہم نے اس کو محفوظ رکھا ہے مِنۡ سے کُلِّ ہر شَیۡطٰنٍ شیطان رَّجِیۡمٍ مردود

اور ہم نے اس کو ہر شیطان مردود سے محفوظ رکھا ہے۔

اِلَّا مَنِ اسۡتَرَقَ السَّمۡعَ فَاَتۡبَعَهٗ شِهَابٌ مُّبِیۡنٌ ﴿۱۸﴾

اِلَّا مگر مَنِ جو اسۡتَرَقَ چوری چھپے کوشش کرے السَّمۡعَ سننا / سن گن لینا فَاَتۡبَعَهٗ تو اس کا پیچھا کرتا ہے شِهَابٌ شعلہ مُّبِیۡنٌ روشن

البتہ اگر کوئی چوری چھپے سن گن لینے کی کوشش کرے تو ایک روشن شعلہ اس کا پیچھا کرتا ہے۔

وَ الۡاَرۡضَ مَدَدۡنٰهَا وَ اَلۡقَیۡنَا فِیۡهَا رَوَاسِیَ وَ اَنۡۢبَتۡنَا فِیۡهَا مِنۡ کُلِّ شَیۡءٍ مَّوۡزُوۡنٍ ﴿۱۹﴾

وَالۡاَرۡضَ اور زمین مَدَدۡنٰهَا ہم نے اس کو پھیلا دیا وَاَلۡقَیۡنَا اور ہم نے گاڑ دیے فِیۡهَا اس میں رَوَاسِیَ کھونٹے / پہاڑ وَاَنۡۢبَتۡنَا اور ہم نے نشوونما کی فِیۡهَا اس میں مِنۡ سے کُلِّ شَیۡءٍ ہر چیز مَّوۡزُوۡنٍ توازن سے

اور زمین کو ہم نے پھیلا دیا اور اس میں پہاڑوں کے کھونٹے گاڑے اور ہم نے اس میں بڑے توازن سے ہر چیز کی نشوونما کی۔

وَ جَعَلۡنَا لَكُمۡ فِيۡهَا مَعَايِشَ وَمَنۡ لَّسۡتُمۡ لَهٗ بِرٰزِقِيۡنَ ‏(۲۰)

وَجَعَلۡنَا اور ہم نے پیدا کیے لَكُمۡ تمہارے لیے فِيۡهَا اس میں مَعَايِشَ روزی کے اسباب وَمَنۡ اور وہ جسے لَّسۡتُمۡ تم نہیں لَهٗ اس کو بِرٰزِقِيۡنَ رزق دینے والے

اور ہم نے اس میں تمہارے لیے بھی روزی کے اسباب پیدا کیے اور ان کے لیے بھی جنہیں تم روزی مہیا نہیں کرتے۔

وَاِنۡ مِّنۡ شَىۡءٍ اِلَّا عِنۡدَنَا خَزَآئِنُهٗ وَمَا نُنَزِّلُهٗۤ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعۡلُوۡمٍ ‏(۲۱)

وَاِنۡ اور نہیں مِّنۡ شَىۡءٍ کوئی چیز اِلَّا مگر عِنۡدَنَا ہمارے پاس خَزَآئِنُهٗ اس کے خزانے وَمَا نُنَزِّلُهٗۤ اور ہم اس کو نہیں اتارتے اِلَّا مگر بِقَدَرٍ ایک مقدار میں مَّعۡلُوۡمٍ مناسب

اور کوئی بھی ایسی چیز نہیں جس کے خزانے ہمارے پاس نہ ہوں البتہ ہم ہر چیز کو ایک مناسب مقدار میں ہی نازل کرتے ہیں۔

وَ اَرۡسَلۡنَا الرِّيٰحَ لَوَاقِحَ فَاَنۡزَلۡنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَسۡقَيۡنٰكُمُوۡهُ‌ ۚ وَ مَاۤ اَنۡتُمۡ لَهٗ بِخٰزِنِيۡنَ ‏(۲۲)

وَاَرۡسَلۡنَا اور ہم نے بھیجیں الرِّيٰحَ ہوائیں لَوَاقِحَ لدی ہوئیں فَاَنۡزَلۡنَا پھر ہم نے اتارا مِنَ سے السَّمَآءِ آسمان مَآءً پانی فَاَسۡقَيۡنٰكُمُوۡهُ پھر ہم نے وہ تمہیں پلایا وَمَاۤ اور نہیں اَنۡتُمۡ تم لَهٗ اس کے بِخٰزِنِيۡنَ خزانے دار

اور ہم نے بادلوں سے لدی ہواؤں کو بھیجا پھر ہم نے آسمان سے پانی اتارا پھر ہم نے تمہیں وہ پانی پلایا، و گرنہ تم تو اس پانی کے خزانے دار نہیں ہو۔

وَاِنَّا لَنَحۡنُ نُحۡىٖ وَنُمِيۡتُ وَنَحۡنُ الۡوٰرِثُوۡنَ ‏(۲۳)

وَاِنَّا اور بیشک ہم لَنَحۡنُ البتہ ہم ہی نُحۡىٖ زندگی دیتے ہیں وَنُمِيۡتُ اور ہم موت دیتے ہیں وَنَحۡنُ اور ہم الۡوٰرِثُوۡنَ وارث [جمع]

اور بلاشبہ ہم ہی زندگی اور موت دیتے ہیں اور ہم ہی سب کے وارث ہیں۔

وَلَقَدۡ عَلِمۡنَا الۡمُسۡتَقۡدِمِيۡنَ مِنۡكُمۡ وَلَقَدۡ عَلِمۡنَا الۡمُسۡتَاۡخِرِيۡنَ ‏(۲٤)

وَلَقَدۡ اور بالیقین عَلِمۡنَا ہم جانتے ہیں الۡمُسۡتَقۡدِمِيۡنَ پہلے گزرے ہوئے مِنۡكُمۡ تم میں سے وَلَقَدۡ عَلِمۡنَا اور ہم خوب جانتے ہیں الۡمُسۡتَاۡخِرِيۡنَ بعد میں آنے والے

اور بالیقین ہم تم سے پہلے لوگوں کو بھی جانتے ہیں اور ہم تم سے بعد میں آنے والوں کو بھی خوب جانتے ہیں۔

وَاِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَحۡشُرُهُمۡ‌ ؕ اِنَّهٗ حَكِيۡمٌ عَلِيۡمٌ‏ (۲۵)

وَاِنَّ اور بیشک رَبَّكَ آپ کا رب هُوَ وہی يَحۡشُرُهُمۡ ان سب کو اکٹھا کرے گا اِنَّهٗ بیشک وہ حَكِيۡمٌ بڑی حکمت والا عَلِيۡمٌ خوب جاننے والا

اور بلاشبہ آپ کا رب ہی ان سب کو اکٹھا کرے گا، بیشک وہ بڑی حکمت والا، خوب جاننے والا ہے۔

وَلَقَدۡ خَلَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ مِنۡ صَلۡصَالٍ مِّنۡ حَمَاٍ مَّسۡنُوۡنٍ‌ۚ‏ (۲٦)

وَلَقَدۡ اور بلاشبہ خَلَقۡنَا ہم نے پیدا کیا الۡاِنۡسَانَ انسان مِنۡ سے صَلۡصَالٍ کھنکتی ہوئی مِّنۡ سے حَمَاٍ سیاہ مٹی مَّسۡنُوۡنٍ پرانی

اور بلاشبہ ہم نے انسان کو سیاہ رنگ کی پرانی کھنکتی ہوئی مٹی سے تخلیق کیا۔

وَالۡجَآنَّ خَلَقۡنٰهُ مِنۡ قَبۡلُ مِنۡ نَّارِ السَّمُوۡمِ‏ (۲۷)

وَالۡجَآنَّ اور جن خَلَقۡنٰهُ ہم نے اسے پیدا کیا مِنۡ قَبۡلُ اس سے پہلے مِنۡ سے نَّارِ السَّمُوۡمِ لپٹ والی آگ / بغیر دھویں والی آگ

اور ہم جنات کو اس سے پہلے آگ کی لپٹ سے تخلیق کر چکے تھے۔

وَاِذۡ قَالَ رَبُّكَ لِلۡمَلٰٓـئِكَةِ اِنِّىۡ خَالِـقٌۢ بَشَرًا مِّنۡ صَلۡصَالٍ مِّنۡ حَمَاٍ مَّسۡنُوۡنٍ

(۲۸)

وَاِذۡ اور جب قَالَ فرمایا رَبُّكَ آپ کے رب نے لِلۡمَلٰٓئِكَةِ فرشتوں سے اِنِّیۡ بیشک میں خَالِقٌۢ بنانے والا ہوں بَشَرًا انسان مِّنۡ سے صَلۡصَالٍ کھنکتی ہوئی مِّنۡ سے حَمَاٍ سیاہ مٹی مَّسۡنُوۡنٍ پرانی

اور یاد کریں وہ وقت جب آپ کے رب نے فرشتوں سے فرمایا کہ بلاشبہ میں ایک انسان کو سیاہ رنگ کی پرانی کھنکتی ہوئی مٹی سے تخلیق کرنے والا ہوں۔

فَاِذَا سَوَّيۡتُهٗ وَنَفَخۡتُ فِيۡهِ مِنۡ رُّوۡحِىۡ فَقَعُوۡا لَهٗ سٰجِدِيۡنَ ﴿۲۹﴾

فَاِذَا پھر جب سَوَّيۡتُهٗ میں اسے پوری طرح بنادوں وَنَفَخۡتُ اور پھونک دوں فِيۡهِ اس میں مِنۡ سے رُّوۡحِىۡ اپنی روح فَقَعُوۡا تو تم گر جانا لَهٗ اس کے آگے سٰجِدِيۡنَ سجدہ کرتے ہوئے

پھر جب میں اسے پوری طرح بنادوں اور اس میں اپنی روح پھونک دوں تو تم اس کے آگے سجدہ [تعظیمی] میں گر جانا۔

فَسَجَدَ الۡمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمۡ اَجۡمَعُوۡنَ ﴿۳۰﴾

فَسَجَدَ چنانچہ سجدہ کیا الۡمَلٰٓئِكَةُ فرشتے كُلُّهُمۡ سب کے سب اَجۡمَعُوۡنَ اکٹھے

چنانچہ سارے کے سارے فرشتوں نے یکبارگی سجدہ کیا......

اِلَّاۤ اِبۡلِيۡسَ ؕ اَبٰٓى اَنۡ يَّكُوۡنَ مَعَ السّٰجِدِيۡنَ ﴿۳۱﴾

اِلَّاۤ سوائے اِبۡلِيۡسَ ابلیس اَبٰٓى اس نے انکار کیا اَنۡ کہ يَّكُوۡنَ وہ ہو مَعَ ساتھ السّٰجِدِيۡنَ سجدہ کرنے والے

مگر ابلیس نے سجدہ نہ کیا۔ اس نے سجدہ کرنے والوں میں شامل ہونے سے انکار کر دیا۔

قَالَ يٰۤاِبۡلِيۡسُ مَا لَكَ اَلَّا تَكُوۡنَ مَعَ السّٰجِدِيۡنَ ﴿۳۲﴾

قَالَ فرمایا يٰۤاِبۡلِيۡسُ اے ابلیس مَا لَكَ تجھے کیا ہوا اَلَّا تَكُوۡنَ کہ تو نہ ہوا مَعَ ساتھ السّٰجِدِيۡنَ سجدہ کرنے والے

اللہ تعالیٰ نے پوچھا: اے ابلیس! تجھے کیا ہوا کہ تو سجدہ کرنے والوں میں شامل نہیں؟

قَالَ لَمۡ اَكُنۡ لِّاَسۡجُدَ لِبَشَرٍ خَلَقۡتَهٗ مِنۡ صَلۡصَالٍ مِّنۡ حَمَاٍ مَّسۡنُوۡنٍ (۳۳)

قَالَ اس نے جواب دیا لَمۡ اَكُنۡ میں ایسا نہیں لِّاَسۡجُدَ کہ سجدہ کروں لِبَشَرٍ ایسے انسان کو خَلَقۡتَهٗ آپ نے اسے پیدا کیا مِنۡ سے صَلۡصَالٍ کھنکتی ہوئی مِّنۡ سے حَمَاٍ سیاہ مٹی مَّسۡنُوۡنٍ پرانی

اس نے جواب دیا: میں ایسا [بھی گیا گذرا] نہیں کہ اس انسان کو سجدہ کروں جسے آپ نے سیاہ رنگ کی پرانی کھنکتی ہوئی مٹی سے تخلیق کیا تھا۔

قَالَ فَاخۡرُجۡ مِنۡهَا فَاِنَّكَ رَجِيۡمٌ (۳٤)

قَالَ فرمایا فَاخۡرُجۡ دفع ہو جا مِنۡهَا یہاں سے فَاِنَّكَ کیونکہ تو رَجِيۡمٌ مردود

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یہاں سے دفع ہو جا، کیونکہ تو مردود ہو گیا ہے۔

وَّاِنَّ عَلَيۡكَ اللَّعۡنَةَ اِلٰى يَوۡمِ الدِّيۡنِ (۳۵)

وَّاِنَّ اور بیشک عَلَيۡكَ تجھ پر اللَّعۡنَةَ لعنت اِلٰى تک يَوۡمِ الدِّيۡنِ قیامت کا دن

اور بیشک تجھ پر قیامت کے دن تک لعنت پڑی رہے گی۔

قَالَ رَبِّ فَاَنۡظِرۡنِىۡۤ اِلٰى يَوۡمِ يُبۡعَثُوۡنَ (۳٦)

قَالَ اس نے کہا رَبِّ اے میرے رب فَاَنۡظِرۡنِىۡۤ تو پھر آپ مجھے مہلت دیں اِلٰى تک يَوۡمِ جس دن يُبۡعَثُوۡنَ لوگوں کو دوبارہ زندہ کیا جائے گا

ابلیس نے کہا: اے میرے رب! تو پھر آپ مجھے تب تک مہلت دے دیجیے کہ جس دن لوگوں کو دوبارہ زندہ کیا جائے گا۔

قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الۡمُنۡظَرِيۡنَ (۳۷)

قَالَ فرمایا فَاِنَّكَ اچھا! جا، تو مِنَ سے الۡمُنۡظَرِيۡنَ مہلت دیے جانے والے

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اچھا! جا، تجھے مہلت دی جاتی ہے......

اِلٰى يَوۡمِ الۡوَقۡتِ الۡمَعۡلُوۡمِ ‏(۳۸)

اِلٰى تک يَوۡمِ دن الۡوَقۡتِ وقت الۡمَعۡلُوۡمِ مقرر

ایک وقتِ مقرر کے دن تک۔

قَالَ رَبِّ بِمَاۤ اَغۡوَيۡتَنِىۡ لَاُزَيِّنَنَّ لَهُمۡ فِى الۡاَرۡضِ وَلَاُغۡوِيَنَّهُمۡ اَجۡمَعِيۡنَ ۙ

‏(۳۹)

قَالَ اس نے کہا رَبِّ اے میرے رب بِمَاۤ چونکہ اَغۡوَيۡتَنِىۡ آپ نے مجھے گمراہ کر دیا ہے لَاُزَيِّنَنَّ تو میں لازماً دلکشی پیدا کروں گا لَهُمۡ ان کے لیے فِى الۡاَرۡضِ زمین میں وَلَاُغۡوِيَنَّهُمۡ اور میں ان کو گمراہ کر کے رہوں گا اَجۡمَعِيۡنَ سب

ابلیس نے کہا: اے میرے رب! چونکہ آپ نے مجھے گمراہ کر دیا ہے، تو اب میں لازماً انسانوں کے لیے دنیا میں دلکشی پیدا کروں گا اور ان سب کو گمراہ کر کے رہوں گا۔

اِلَّا عِبَادَكَ مِنۡهُمُ الۡمُخۡلَصِيۡنَ ‏(٤۰)

اِلَّا سوائے عِبَادَكَ آپ کے بندے مِنۡهُمُ ان میں سے الۡمُخۡلَصِيۡنَ مخلص [جمع]

سوائے آپ کے ان بندوں کے جنہیں آپ نے اخلاص عطا کر دیا ہو۔

قَالَ هٰذَا صِرَاطٌ عَلَىَّ مُسۡتَقِيۡمٌ ‏(٤۱)

قَالَ فرمایا هٰذَا یہ صِرَاطٌ راستہ عَلَىَّ مجھ تک مُسۡتَقِيۡمٌ سیدھا

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یہ اخلاص ہی مجھ تک پہنچانے والا سیدھا راستہ ہے۔

اِنَّ عِبَادِىۡ لَيۡسَ لَكَ عَلَيۡهِمۡ سُلۡطٰنٌ اِلَّا مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الۡغٰوِيۡنَ ‏(٤۲)

اِنَّ بیشک عِبَادِىۡ میرے بندے لَيۡسَ نہیں لَكَ تیرا عَلَيۡهِمۡ ان پر سُلۡطٰنٌ کوئی زور اِلَّا مگر مَنِ وہ جس نے اتَّبَعَكَ تیری پیروی کی مِنَ سے الۡغٰوِيۡنَ بھٹکے ہوئے

بیشک جو میرے [مخلص] بندے ہیں، ان پر تیرا کوئی زور نہ چل سکے گا، سوائے ان بھٹکے

ہوؤں کے جو تیرے پیچھے چلنے لگیں۔

وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ اَجْمَعِيْنَ (٤٣)

وَاِنَّ اور بیشک جَهَنَّمَ جہنم لَمَوْعِدُهُمْ البتہ ان کی وعدہ گاہ اَجْمَعِيْنَ سب

اور بیشک ان سب کی وعدہ گاہ جہنم ہے۔

لَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ ۭ لِكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ (٤٤)

لَهَا جس کے سَبْعَةُ سات اَبْوَابٍ دروازے لِكُلِّ بَابٍ ہر دروازہ کے لیے مِّنْهُمْ ان کا جُزْءٌ ایک حصہ مَّقْسُوْمٌ تقسیم شدہ

جس کے سات دروازے ہیں، ہر دروازے کے لیے ان کے حصے بنا دیے گئے ہیں۔

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ (٤٥)

اِنَّ بیشک الْمُتَّقِيْنَ پرہیز گار فِيْ میں جَنّٰتٍ باغات وَّعُيُوْنٍ اور چشمے

بلاشبہ متقی لوگ باغات اور چشموں میں رہیں گے۔

اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ اٰمِنِيْنَ (٤٦)

اُدْخُلُوْهَا تم ان میں داخل ہو جاؤ بِسَلٰمٍ سلامتی کے ساتھ اٰمِنِيْنَ بے خوف وخطر

[ان سے کہا جائے گا:] تم ان میں سلامتی کے ساتھ بے خوف وخطر داخل ہو جاؤ۔

وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ (٤٧)

وَنَزَعْنَا اور ہم نے کھینچ لیا مَا جو فِيْ میں صُدُوْرِهِمْ ان کے سینے مِّنْ سے غِلٍّ رنجش

اِخْوَانًا بھائی بھائی بن کر عَلٰى پر سُرُرٍ تخت [جمع] مُّتَقٰبِلِيْنَ آمنے سامنے

ان کے دلوں میں جو تھوڑی بہت رنجش ہو گی، ہم اسے نکال پھینکیں گے۔ وہ بھائی بھائی بن کر تختوں پر آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے۔

لَا يَمَسُّهُمْ فِيْهَا نَصَبٌ وَّمَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ (٤٨)

لَا يَمَسُّهُمْ انہیں نہ چھوئے گی فِيْهَا اس میں نَصَبٌ کوئی مشقت وَّمَا اور نہ هُمْ وہ

مِّنۡهَا اس سے بِمُخۡرَجِيۡنَ نکالے جائیں گے

وہاں انہیں کوئی مشقت چھوئے گی بھی نہیں اور نہ ہی انہیں وہاں سے نکالا جائے گا۔

نَبِّئۡ عِبَادِىۡۤ اَنِّىۡۤ اَنَا الۡغَفُوۡرُ الرَّحِيۡمُ ‏(٤٩)

نَبِّئۡ بتا دیجیے عِبَادِىۡۤ میرے بندوں کو اَنِّىۡۤ کہ بیشک میں اَنَا میں الۡغَفُوۡرُ بڑا بخشنے والا

الرَّحِيۡمُ نہایت مہربان

میرے بندوں کو بتا دیجیے کہ بلا شبہ میں بڑا بخشنے والا، نہایت مہربان ہوں۔

وَ اَنَّ عَذَابِىۡ هُوَ الۡعَذَابُ الۡاَلِيۡمُ ‏(٥٠)

وَاَنَّ اور یہ بھی کہ عَذَابِىۡ میرا عذاب هُوَ وہ الۡعَذَابُ عذاب الۡاَلِيۡمُ دردناک

اور یہ بھی کہ جو میرا عذاب ہے، وہ نہایت دردناک عذاب ہے۔

وَنَبِّئۡهُمۡ عَنۡ ضَيۡفِ اِبۡرٰهِيۡمَ‌ۘ ‏(٥١)

وَنَبِّئۡهُمۡ اور انہیں بتائیے عَنۡ بارے میں ضَيۡفِ مہمان اِبۡرٰهِيۡمَ ابراہیم

اور انہیں ابراہیم [علیہ السلام] کے مہمانوں کا قصہ بھی سنائیے۔

اِذۡ دَخَلُوۡا عَلَيۡهِ فَقَالُوۡا سَلٰمًا ؕ قَالَ اِنَّا مِنۡكُمۡ وَجِلُوۡنَ‏ (٥٢)

اِذۡ جب دَخَلُوۡا وہ داخل ہوئے عَلَيۡهِ اس کے پاس فَقَالُوۡا تو انہوں نے کہا سَلٰمًا سلام

قَالَ فرمایا اِنَّا بیشک ہم مِنۡكُمۡ تم سے وَجِلُوۡنَ ڈرنے والے

جب وہ ابراہیم کے ہاں آئے اور انہوں نے سلام کیا۔ ابراہیم نے فرمایا: ہمیں تو تم سے ڈر لگ رہا ہے۔

قَالُوۡا لَا تَوۡجَلۡ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمٍ عَلِيۡمٍ‏ (٥٣)

قَالُوۡا انہوں نے جواب دیا لَا تَوۡجَلۡ ڈریں نہیں اِنَّا بیشک ہم نُبَشِّرُكَ آپ کو بشارت

دیتے ہیں بِغُلٰمٍ ایک فرزند کی عَلِيۡمٍ صاحبِ علم

انہوں نے جواب دیا: آپ ڈریں نہیں، ہم آپ کو ایک صاحبِ علم فرزند کی بشارت

دیتے ہیں۔

قَالَ اَبَشَّرْتُمُوْنِيْ عَلٰٓى اَنْ مَّسَّنِيَ الْكِبَرُ فَبِمَ تُبَشِّرُوْنَ (٥٤)

قَالَ اس نے کہا اَبَشَّرْتُمُوْنِيْ کیا تم مجھے بشارت دے رہے ہو عَلٰٓى پر اَنْ یہ کہ مَّسَّنِيَ مجھے پہنچ گیا الْكِبَرُ بڑھاپا فَبِمَ پھر کس بنیاد پر تُبَشِّرُوْنَ تم بشارت دے رہے ہو

ابراہیم نے کہا: کیا تم مجھے اس حالت میں بشارت دے رہے ہو جب کہ مجھے بڑھاپا لاحق ہو چکا ہے، پھر تم مجھے کس بنیاد پر بشارت دے رہے ہو؟

قَالُوْا بَشَّرْنٰكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْقٰنِطِيْنَ (٥٥)

قَالُوْا انہوں نے جواب دیا بَشَّرْنٰكَ ہم نے آپ کو بشارت دی ہے بِالْحَقِّ سچی فَلَا تَكُنْ لہٰذا آپ نہ ہوں مِّنَ سے الْقٰنِطِيْنَ مایوس ہونے والے

انہوں نے جواب دیا: ہم نے آپ کو سچی بشارت دی ہے، لہٰذا آپ ان لوگوں میں شامل نہ ہوں جو مایوس ہو جاتے ہیں۔

قَالَ وَمَنْ يَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ اِلَّا الضَّآلُّوْنَ (٥٦)

قَالَ فرمایا وَمَنْ اور کون يَّقْنَطُ مایوس ہو سکتا ہے مِنْ سے رَّحْمَةِ رحمت رَبِّهٖٓ اپنا رب اِلَّا سوائے الضَّآلُّوْنَ گمراہ [جمع]

ابراہیم نے فرمایا: اپنے رب کی رحمت سے گمراہوں کے سوا اور کون مایوس ہو سکتا ہے؟

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ (٥٧)

قَالَ پوچھا فَمَا پھر کیا ہے خَطْبُكُمْ تمہاری مہم اَيُّهَا اے الْمُرْسَلُوْنَ فرستادو

ابراہیم نے پوچھا: اے فرستادو! تمہارا آنا کس اہم کام کے لیے ہے؟

قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ (٥٨)

قَالُوْٓا وہ بولے اِنَّآ بیشک اُرْسِلْنَآ ہمیں بھیجا گیا ہے اِلٰى طرف قَوْمٍ ایک قوم مُّجْرِمِيْنَ مجرم [جمع]

انھوں نے جواب دیا: ہمیں ایک مجرم قوم کی طرف بھیجا گیا ہے......

اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ؕ اِنَّا لَمُنَجُّوْهُمْ اَجْمَعِيْنَ (٥٩)ۙ

اِلَّآ سوائے اٰلَ لُوْطٍ لوط کا خاندان اِنَّا ہم لَمُنَجُّوْهُمْ انہیں لازماً بچا لیں گے اَجْمَعِيْنَ

سب

سوائے لوط کے خاندان کے، ہم ان سب کو لازماً بچا لیں گے......

اِلَّا امْرَاَتَهٗ قَدَّرْنَآ ۙ اِنَّهَا لَمِنَ الْغٰبِرِيْنَ (٦٠)ۧ

اِلَّا سوائے امْرَاَتَهٗ اس کی بیوی قَدَّرْنَآ ہم نے طے کر رکھا ہے اِنَّهَا بیشک وہ لَمِنَ سے

الْغٰبِرِيْنَ پیچھے رہ جانے والے

سوائے ان کی بیوی کے؛ ہم نے طے کر رکھا ہے کہ وہ تو پیچھے رہ جانے والوں میں ہی

شامل رہے گی۔

فَلَمَّا جَآءَ اٰلَ لُوْطِ ِۨ الْمُرْسَلُوْنَ (٦١)ۙ

فَلَمَّا پھر جب جَآءَ آئے اٰلَ لُوْطِ خاندانِ لوط کے پاس الْمُرْسَلُوْنَ بھیجے ہوئے

پھر جب وہ فرشتے خاندانِ لوط کے پاس آئے......

قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ (٦٢)

قَالَ فرمایا اِنَّكُمْ بیشک تم قَوْمٌ لوگ مُّنْكَرُوْنَ اجنبی

تو لوط [علیہ السلام] نے فرمایا: آپ تو اجنبی قوم کے لوگ معلوم ہوتے ہیں۔

قَالُوْا بَلْ جِئْنٰكَ بِمَا كَانُوْا فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ (٦٣)

قَالُوْا انہوں نے کہا بَلْ نہیں! بلکہ جِئْنٰكَ ہم آپ کے پاس آئے ہیں بِمَا اس کے

ساتھ جو كَانُوْا وہ تھے فِيْهِ اس میں يَمْتَرُوْنَ شک کیا کرتے تھے

انھوں نے کہا: نہیں! بلکہ ہم آپ کے پاس وہ چیز لے کر آئے ہیں جس کے بارے میں

یہ لوگ شک کیا کرتے تھے۔

وَ اٰتَیۡنٰكَ بِالۡحَقِّ وَ اِنَّا لَصٰدِقُوۡنَ (٦٤)

وَ اٰتَیۡنٰكَ اور ہم آپ کے پاس آئے ہیں بِالۡحَقِّ بر حق چیز لے کر وَ اِنَّا اور بیشک ہم
لَصٰدِقُوۡنَ بالکل سچے

اور ہم آپ کے پاس ایک بر حق چیز لے کر آئے ہیں اور ہم بالکل سچ کہہ رہے ہیں۔

فَاَسۡرِ بِاَهۡلِكَ بِقِطۡعٍ مِّنَ الَّیۡلِ وَ اتَّبِعۡ اَدۡبَارَهُمۡ وَ لَا یَلۡتَفِتۡ مِنۡكُمۡ اَحَدٌ وَّ
امۡضُوۡا حَیۡثُ تُؤۡمَرُوۡنَ (٦٥)

فَاَسۡرِ لہٰذا آپ رات کو لے چلیں بِاَهۡلِكَ اپنے گھر والوں کو بِقِطۡعٍ کسی پہر مِّنَ سے
الَّیۡلِ رات وَ اتَّبِعۡ اور خود چلیں اَدۡبَارَهُمۡ ان کے پیچھے وَ اور لَا یَلۡتَفِتۡ پیچھے مڑ کر
نہ دیکھے مِنۡكُمۡ تم میں سے اَحَدٌ کوئی بھی وَّامۡضُوۡا اور آپ سب چلے جائیں حَیۡثُ
جہاں تُؤۡمَرُوۡنَ آپ لوگوں کو حکم دیا گیا ہے

لہٰذا آپ رات کے کسی پہر اپنے اہلِ خانہ کو لے کر چلے جایئے اور آپ خود ان کے پیچھے
پیچھے چلیے اور آپ لوگوں میں سے کوئی بھی پیچھے مڑ کر نہ دیکھے اور آپ لوگوں کو جہاں
جانے کا حکم ہوا ہے، وہیں چلے جائیں۔

وَ قَضَیۡنَاۤ اِلَیۡهِ ذٰلِكَ الۡاَمۡرَ اَنَّ دَابِرَ هٰۤؤُلَآءِ مَقۡطُوۡعٌ مُّصۡبِحِیۡنَ (٦٦)

وَقَضَیۡنَاۤ اور ہم نے فیصلہ بھیجا اِلَیۡهِ اس کی طرف ذٰلِكَ وہ الۡاَمۡرَ بات اَنَّ کہ دَابِرَ جڑ
هٰۤؤُلَآءِ ان لوگوں کی مَقۡطُوۡعٌ کٹی ہوئی مُّصۡبِحِیۡنَ صبح ہوتے ہی

اور ہم نے لوط کے پاس یہ فیصلہ بھیج دیا کہ صبح ہوتے ہی ان لوگوں کی جڑ کاٹ کر رکھ
دی جائے گی۔

وَ جَآءَ اَهۡلُ الۡمَدِیۡنَةِ یَسۡتَبۡشِرُوۡنَ (٦٧)

وَجَآءَ اور آئے اَهۡلُ الۡمَدِیۡنَةِ شہر کے لوگ یَسۡتَبۡشِرُوۡنَ خوشیاں مناتے ہوئے

اور شہر کے لوگ خوشیاں مناتے ہوتے ہوئے آپہنچے۔

قَالَ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ ضَيۡفِىۡ فَلَا تَفۡضَحُوۡنِ ۙ‏ (٦٨)

قَالَ اس نے کہا اِنَّ بیشک هٰٓؤُلَآءِ یہ لوگ ضَيۡفِىۡ میرے مہمان فَلَا تَفۡضَحُوۡنِ لہٰذا مجھے شرمسار نہ کرو

لوط نے کہا: یہ میرے مہمان ہیں، لہٰذا مجھے شرمسار نہ کرو۔

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخۡزُوۡنِ‏ (٦٩)

وَاتَّقُوا اور ڈرو اللّٰهَ اللہ تعالیٰ سے وَلَا تُخۡزُوۡنِ اور مجھے رسوانہ کرو

اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور مجھے رسوانہ کرو۔

قَالُوۡۤا اَوَلَمۡ نَـنۡهَكَ عَنِ الۡعٰلَمِيۡنَ‏ (٧٠)

قَالُوۡۤا وہ کہنے لگے اَوَ کیا لَمۡ نَـنۡهَكَ ہم نے تجھے منع نہیں کیا تھا عَنِ سے الۡعٰلَمِيۡنَ ساری دنیا

وہ کہنے لگے: کیا ہم نے تمہیں ساری دنیا [کی ٹھیکیداری] سے منع نہیں کیا تھا؟

قَالَ هٰٓؤُلَآءِ بَنٰتِىۡۤ اِنۡ كُنۡتُمۡ فٰعِلِيۡنَؕ‏ (٧١)

قَالَ فرمایا هٰٓؤُلَآءِ یہ بَنٰتِىۡۤ میری بیٹیاں اِنۡ اگر كُنۡتُمۡ تم ہو فٰعِلِيۡنَ کرنے والے

لوط نے کہا: یہ میری قومی بیٹیاں موجود ہیں اگر تمہیں کچھ کرنا ہی ہے۔

لَعَمۡرُكَ اِنَّهُمۡ لَفِىۡ سَكۡرَتِهِمۡ يَعۡمَهُوۡنَ‏ (٧٢)

لَعَمۡرُكَ آپ کی زندگی کی قسم اِنَّهُمۡ بیشک وہ لَفِىۡ البتہ میں سَكۡرَتِهِمۡ ان کی مستی يَعۡمَهُوۡنَ بہکے ہوئے

آپ کی زندگی کی قسم! بیشک وہ اپنی مستی میں بہکے ہوئے تھے۔

فَاَخَذَتۡهُمُ الصَّيۡحَةُ مُشۡرِقِيۡنَۙ‏ (٧٣)

فَاَخَذَتۡهُمُ چنانچہ انہیں آ پکڑا الصَّيۡحَةُ چنگھاڑ مُشۡرِقِيۡنَ پو پھٹتے ہی

چنانچہ پو پھٹتے ہی انہیں سخت چنگھاڑ نے آ پکڑا۔

فَجَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَ اَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ﴿٧٤﴾

فَجَعَلْنَا پھر ہم نے کردیا عَالِيَهَا اس کا اوپری حصہ سَافِلَهَا اس کا نچلا حصہ وَاَمْطَرْنَا اور ہم نے برسائے عَلَيْهِمْ ان پر حِجَارَةً پتھر مِّنْ سے سِجِّيْلٍ پکی مٹی

پھر ہم نے اس زمین کے اوپری حصے کو نیچے کر دیا اور ہم نے ان پر پکی مٹی کے پتھر برسائے۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ ﴿٧٥﴾

اِنَّ بیشک فِيْ میں ذٰلِكَ اس لَاٰيٰتٍ البتہ نشانیاں لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ اہلِ فراست کے لیے

بلاشبہ اس میں اہلِ فراست کے لیے نشانیاں ہیں۔

وَاِنَّهَا لَبِسَبِيْلٍ مُّقِيْمٍ ﴿٧٦﴾

وَاِنَّهَا اور بیشک وہ لَبِسَبِيْلٍ ایک شاہراہ پر مُّقِيْمٍ عام/سیدھی

اور بلاشبہ وہ بستی ایک شاہراہِ عام پر واقع ہے۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٧٧﴾

اِنَّ بیشک فِيْ میں ذٰلِكَ اس لَاٰيَةً البتہ نشانی لِّلْمُؤْمِنِيْنَ اہلِ ایمان کے لیے

بلاشبہ اس میں اہلِ ایمان کے لیے نشانی ہے۔

وَاِنْ كَانَ اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ لَظٰلِمِيْنَ ﴿٧٨﴾

وَاِنْ اور بلاشبہ كَانَ تھے اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ ایکہ کے لوگ لَظٰلِمِيْنَ بڑے ظالم

اور بلاشبہ ایکہ کے لوگ بھی بڑے ظالم تھے۔

فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ ۘ وَاِنَّهُمَا لَبِاِمَامٍ مُّبِيْنٍ ﴿٧٩﴾

فَانْتَقَمْنَا لہٰذا ہم نے انتقام لیا مِنْهُمْ ان سے وَاِنَّهُمَا اور بیشک وہ دونوں لَبِاِمَامٍ ایک شاہراہ پر مُّبِيْنٍ کھلی

لہٰذا ہم نے ان سے بھی انتقام لیا اور بلاشبہ یہ دونوں بستیاں کھلی شاہراہ پر واقع ہیں۔

وَ لَقَدۡ كَذَّبَ اَصۡحٰبُ الۡحِجۡرِ الۡمُرۡسَلِيۡنَ ۙ‏ (٨٠)

وَلَقَدۡ كَذَّبَ اور بیشک جھٹلایا اَصۡحٰبُ الۡحِجۡرِ حجر والے الۡمُرۡسَلِيۡنَ رسول [جمع]

اور بیشک حجر والوں نے بھی پیغمبروں کو جھٹلایا تھا۔

وَ اٰتَيۡنٰهُمۡ اٰيٰتِنَا فَكَانُوۡا عَنۡهَا مُعۡرِضِيۡنَ ۙ‏ (٨١)

وَاٰتَيۡنٰهُمۡ اور ہم نے انہیں دی تھیں اٰيٰتِنَا ہماری نشانیاں فَكَانُوۡا مگر وہ تھے عَنۡهَا

اس سے مُعۡرِضِيۡنَ منہ موڑنے والے

حالانکہ ہم نے انہیں اپنی نشانیاں بھی دی تھیں مگر وہ ان سے منہ موڑے رہے۔

وَ كَانُوۡا يَنۡحِتُوۡنَ مِنَ الۡجِبَالِ بُيُوۡتًا اٰمِنِيۡنَ‏ (٨٢)

وَكَانُوۡا يَنۡحِتُوۡنَ اور وہ تراشا کرتے تھے مِنَ سے الۡجِبَالِ پہاڑ [جمع] بُيُوۡتًا گھر [جمع]

اٰمِنِيۡنَ بلاخوف وخطر

اور وہ لوگ پہاڑوں کو تراش تراش کر بلاخوف وخطر گھر بنایا کرتے تھے۔

فَاَخَذَتۡهُمُ الصَّيۡحَةُ مُصۡبِحِيۡنَ ۙ‏ (٨٣)

فَاَخَذَتۡهُمُ آخر کار ان کو آپکڑا الصَّيۡحَةُ چنگھاڑ مُصۡبِحِيۡنَ صبح ہوتے ہی

آخر کار ان کو بھی صبح ہوتے ہی ایک چنگھاڑ نے آپکڑا۔

فَمَاۤ اَغۡنٰى عَنۡهُمۡ مَّا كَانُوۡا يَكۡسِبُوۡنَ ؕ‏ (٨٤)

فَمَاۤ اَغۡنٰى پھر فائدہ نہ دیا عَنۡهُمۡ انہیں مَّا جو كَانُوۡا يَكۡسِبُوۡنَ وہ کمایا کرتے تھے

پھر ان کی کمائی نے انہیں کچھ بھی فائدہ نہ دیا۔

وَ مَا خَلَقۡنَا السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ وَ مَا بَيۡنَهُمَاۤ اِلَّا بِالۡحَـقِّ‌ ؕ وَ اِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ‌ فَاصۡفَحِ الصَّفۡحَ الۡجَمِيۡلَ‏ (٨٥)

وَ اور مَا خَلَقۡنَا ہم نے پیدا نہیں کیا السَّمٰوٰتِ آسمان [جمع] وَالۡاَرۡضَ اور زمین وَمَا

اور جو کچھ بَيۡنَهُمَاۤ ان کے درمیان اِلَّا مگر بِالۡحَقِّ با مقصد وَاِنَّ اور بیشک السَّاعَةَ

قیامت لَاٰتِیَةٌ ضرور آنے والی فَاصْفَحِ لہٰذا آپ در گزر کرتے رہیں الصَّفْحَ در گزر کرنا الْجَمِیْلَ اچھا / بہترین

ہم نے زمین و آسمان اور جو کچھ ان کے درمیان ہے، اسے بے مقصد تو پیدا نہیں کیا۔ اور فیصلے کی گھڑی یقیناً آکر رہے گی، لہٰذا آپ بہترین انداز سے در گزر کرتے رہیں۔

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِیْمُ ﴿٨٦﴾

اِنَّ بیشک رَبَّكَ آپ کا رب هُوَ وہی الْخَلّٰقُ سب کا پیدا کرنے والا الْعَلِیْمُ جاننے والا

بلاشبہ آپ کا رب ہی سب کا خالق ہے اور سب کچھ جانتا ہے۔

وَلَقَدْ اٰتَیْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِیْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِیْمَ ﴿٨٧﴾

وَلَقَدْ اور یقیناً اٰتَیْنٰكَ ہم نے آپ کو عطا کی ہیں سَبْعًا سات مِّنَ سے الْمَثَانِیْ بار بار پڑھی جانے والی وَالْقُرْاٰنَ اور قرآن الْعَظِیْمَ عظمت والا

اور ہم نے آپ کو سات بار بار پڑھی جانے والی آیات اور قرآنِ عظیم عطا کیا ہے۔

لَا تَمُدَّنَّ عَیْنَیْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖۤ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَ لَا تَحْزَنْ عَلَیْهِمْ وَ اخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِیْنَ ﴿٨٨﴾

لَا تَمُدَّنَّ آپ ہرگز نہ اٹھائیں / بڑھائیں عَیْنَیْكَ اپنی آنکھیں اِلٰى طرف مَا جو مَتَّعْنَا ہم نے عارضی طور پر دیا بِهٖۤ اس کو اَزْوَاجًا مختلف قسم کے مِّنْهُمْ ان میں سے وَلَا تَحْزَنْ اور آپ کڑھیں بھی نہیں عَلَیْهِمْ ان پر وَاخْفِضْ اور جھکا دیں جَنَاحَكَ اپنا بازو لِلْمُؤْمِنِیْنَ اہلِ ایمان کے لیے

آپ ان چیزوں کو آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھیۓ جو ہم نے مختلف قسم کے کفار کو عارضی عیاشی کے لیے دی ہیں، اور ان کی حالت پر کڑھیں بھی نہیں، اور اپنی شفقت کا بازو اہلِ ایمان کے لیے جھکائے رکھیں۔

وَقُلْ اِنِّیْۤ اَنَا النَّذِیْرُ الْمُبِیْنُ ﴿٨٩﴾

وَقُلْ اور فرمادیں اِنِّیْٓ بیشک میں اَنَا میں النَّذِیْرُ تنبیہ کرنے والا الْمُبِیْنُ صاف صاف

اور فرمادیں کہ میں تو صاف صاف تنبیہ کرنے والا ہوں۔

كَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَى الْمُقْتَسِمِيْنَ (٩٠)

كَمَآ جیسے اَنْزَلْنَا ہم نے نازل کیا عَلَى پر الْمُقْتَسِمِيْنَ تفرقہ باز [جمع]

[یہ ویسی ہی تنبیہ ہے] جیسی کہ ہم نے ان تفرقہ بازوں پر بھیجی تھی......

الَّذِيْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِيْنَ (٩١)

جنہوں نے جَعَلُوا بنایا ہوا ہے الْقُرْاٰنَ قرآن عِضِيْنَ مختلف اجزا

جنہوں نے قرآن کے مختلف اجزا بنائے ہوئے ہیں۔ *

* [کہ اپنے مطلب کی آیات کو مانتے ہیں، اور غیر موافق کو نہیں۔]

فَوَرَبِّكَ لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ (٩٢)

فَوَرَبِّكَ چنانچہ قسم ہے آپ کے رب کی لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ ہم ان سے لازماً بازپرس کریں گے اَجْمَعِيْنَ سب

چنانچہ قسم ہے آپ کے رب کی! ہم ان سب سے لازماً بازپرس کریں گے۔

عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (٩٣)

عَمَّا اس کی بابت جو كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ وہ کرتے رہے ہیں

ان اعمال کی بابت جو وہ کرتے رہے ہیں۔

فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ (٩٤)

فَاصْدَعْ لہٰذا آپ علی الاعلان سنا دیں بِمَا جس کا تُؤْمَرُ آپ کو حکم دیا جاتا ہے

وَاَعْرِضْ اور ذرا پروانہ کریں عَنِ سے / کی الْمُشْرِكِيْنَ مشرکین

لہٰذا آپ کو جو حکم دیا جاتا ہے وہ علی الاعلان لوگوں کو سنا دیجیے اور مشرکین کی ذرا پروانہ کیجیے۔

ركوع

اِنَّا كَفَيْنٰكَ الْمُسْتَهْزِءِيْنَ (٩٥)

اِنَّا بیشک ہم كَفَيْنٰكَ آپ کے لیے کافی ہیں الْمُسْتَهْزِءِيْنَ مذاق اڑانے والے

بیشک ہم ان مذاق اڑانے والوں کے مقابلے میں آپ کے لیے کافی ہیں......

الَّذِيْنَ يَجْعَلُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ (٩٦)

الَّذِيْنَ جنہوں نے يَجْعَلُوْنَ گھڑ رکھا ہے مَعَ اللّٰهِ اللہ تعالیٰ کے ساتھ اِلٰهًا معبود اٰخَرَ کوئی دوسرا فَسَوْفَ اب عنقریب يَعْلَمُوْنَ انہیں لگ پتہ جائے گا

جنہوں نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ کوئی دوسرا معبود بھی گھڑ رکھا ہے، اب عنقریب انہیں لگ پتہ جائے گا۔

وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ (٩٧)

وَلَقَدْ نَعْلَمُ اور ہم خوب جانتے ہیں اَنَّكَ بیشک آپ يَضِيْقُ تنگ ہوتا ہے صَدْرُكَ آپ کا سینہ / دل بِمَا اس سے جو يَقُوْلُوْنَ وہ باتیں کرتے ہیں

اور ہمیں خوب معلوم ہے کہ ان لوگوں کی باتوں سے آپ کا دل تنگ ہوتا ہے۔

فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ (٩٨)

فَسَبِّحْ تو تسبیح کریں بِحَمْدِ حمد کے ساتھ رَبِّكَ آپ کا رب وَكُنْ اور ہو جائیں مِّنَ سے السّٰجِدِيْنَ سجدہ کرنے والے

تو [اس کا حل یہ ہے کہ] آپ اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح بیان کیا کریں، اور سجدہ کرنے والوں میں شامل رہیں۔

وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ (٩٩)

وَاعْبُدْ اور عبادت کرتے رہیں رَبَّكَ آپ کا رب حَتّٰى یہاں تک کہ يَاْتِيَكَ آپ کے پاس آجائے الْيَقِيْنُ وہ یقینی چیز / وفات

اور اپنے رب کی عبادت کرتے رہیں یہاں تک کہ آپ کے پاس وہ یقینی چیز آجائے۔

# سورۃ النحل

آیات:128 رکوع:16

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَتٰۤی اَمۡرُ اللّٰہِ فَلَا تَسۡتَعۡجِلُوۡہُ ؕ سُبۡحٰنَہٗ وَ تَعٰلٰی عَمَّا یُشۡرِکُوۡنَ ﴿۱﴾

اَتٰۤی آ پہنچا اَمۡرُ اللّٰہِ اللہ تعالیٰ کا حکم فَلَا تَسۡتَعۡجِلُوۡہُ اب اس کے لیے جلدی نہ مچاؤ
سُبۡحٰنَہٗ وہ پاک ہے وَ تَعٰلٰی اور برتر عَمَّا اس سے جو یُشۡرِکُوۡنَ وہ شرک کررہے ہیں

اللہ تعالیٰ کا حکم [قریب] آ پہنچا، اب اس کے لیے جلدی نہ مچاؤ۔ وہ پاک اور برتر ہے شرک سے جو وہ لوگ کررہے ہیں۔

یُنَزِّلُ الۡمَلٰٓئِکَۃَ بِالرُّوۡحِ مِنۡ اَمۡرِہٖ عَلٰی مَنۡ یَّشَآءُ مِنۡ عِبَادِہٖۤ اَنۡ اَنۡذِرُوۡۤا
اَنَّہٗ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّاۤ اَنَا فَاتَّقُوۡنِ ﴿۲﴾

یُنَزِّلُ وہ نازل کرتا ہے الۡمَلٰٓئِکَۃَ فرشتے بِالرُّوۡحِ زندگی بخشنے والے کے ساتھ مِنۡ
سے اَمۡرِہٖ اپنے حکم عَلٰی پر مَنۡ یَّشَآءُ جسے وہ چاہتا ہے مِنۡ سے عِبَادِہٖۤ اس کے
بندے اَنۡ کہ اَنۡذِرُوۡۤا تم خبردار کرو اَنَّہٗ یقینی بات ہے کہ لَاۤ نہیں اِلٰہَ کوئی معبود اِلَّاۤ
سوائے اَنَا میرے فَاتَّقُوۡنِ لہٰذا مجھی سے ڈرو

وہ فرشتوں کو اپنے بندوں میں سے جس پر چاہے اپنا زندگی بخشنے والا یہ حکم دے کر نازل کرتا ہے کہ لوگوں کو خبردار کردو کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں، لہٰذا تم مجھی سے ڈرو۔

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ بِالۡحَقِّ ؕ تَعٰلٰی عَمَّا یُشۡرِکُوۡنَ ﴿۳﴾

خَلَقَ اس نے پیدا فرمایا السَّمٰوٰتِ آسمان [جمع] وَ الۡاَرۡضَ اور زمین بِالۡحَقِّ برحق

تَعٰلٰی برتر ہے عَمَّا اس سے جو یُشْرِكُوْنَ وہ شرک کر رہے ہیں

اس نے زمین و آسمان کو برحق پیدا فرمایا ہے۔ وہ برتر ہے اس شرک سے جو وہ لوگ کر رہے ہیں۔

خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ (٤)

خَلَقَ اس نے پیدا فرمایا الْاِنْسَانَ انسان مِنْ سے نُّطْفَةٍ ذرا سا قطرہ / نطفہ فَاِذَا هُوَ مگر وہ تو خَصِيْمٌ جھگڑالو مُّبِيْنٌ کھلم کھلا

اس نے انسان کو ذرا سے قطرے سے پیدا فرمایا مگر وہ تو کھلم کھلا جھگڑالو بن بیٹھا۔

وَالْاَنْعَامَ خَلَقَهَا ۚ لَكُمْ فِيْهَا دِفْءٌ وَّمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ (٥)

وَالْاَنْعَامَ اور چوپائے خَلَقَهَا اس نے ان کو پیدا کیا لَكُمْ تمہارے لیے فِيْهَا ان میں دِفْءٌ گرم لباس وَّمَنَافِعُ اور فائدے وَمِنْهَا ان میں سے کچھ کو تَاْكُلُوْنَ تم کھاتے ہو

اور چوپائے بھی اسی نے پیدا کیے۔ ان میں تمہارے لیے گرم لباس بھی ہے اور دیگر فوائد بھی اور ان میں سے کچھ کو تم کھاتے بھی ہو۔

وَلَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ وَحِيْنَ تَسْرَحُوْنَ (٦)

وَلَكُمْ اور تمہارے لیے فِيْهَا ان میں جَمَالٌ دلکشی حِيْنَ جب تُرِيْحُوْنَ تم شام کو چراگاہ سے لاتے ہو وَحِيْنَ اور جب تَسْرَحُوْنَ تم صبح کو چرنے کے لیے چھوڑتے ہو

اور ان میں تمہارے لیے دلکشی بھی ہے جب تم انہیں شام کو چراگاہ سے واپس لاتے ہو اور جب تم صبح کے وقت چرنے کے لیے چھوڑتے ہو۔

وَتَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ اِلٰى بَلَدٍ لَّمْ تَكُوْنُوْا بٰلِغِيْهِ اِلَّا بِشِقِّ الْاَنْفُسِ ۭ اِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ (٧)

وَتَحْمِلُ اور وہ اٹھاتے ہیں اَثْقَالَكُمْ تمہارے بوجھ اِلٰى طرف بَلَدٍ شہر / جگہ لَّمْ تَكُوْنُوْا تم نہ تھے بٰلِغِيْهِ ان تک پہنچنے والے اِلَّا بغیر بِشِقِّ سخت مشقت کے ساتھ

الْاَنْفُسِ خود کی اِنَّ بیشک رَبَّكُمْ تمہارا رب لَرَءُوْفٌ بڑی شفقت والا رَّحِيْمٌ نہایت مہربان

اور وہ تمہارے بوجھ ایسی جگہوں تک اٹھا لے جاتے ہیں جہاں تم خود کو سخت مشقت میں ڈالے بغیر نہیں پہنچ سکتے، بیشک تمہارا رب بڑی شفقت والا، نہایت مہربان ہے۔

وَّ الْخَيْلَ وَ الْبِغَالَ وَ الْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوْهَا وَ زِيْنَةً ؕ وَ يَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ (۸)

وَّالْخَيْلَ اور گھوڑے وَالْبِغَالَ اور خچر وَالْحَمِيْرَ اور گدھے لِتَرْكَبُوْهَا تاکہ تم ان پر سواری کرو وَزِيْنَةً اور زینت وَيَخْلُقُ اور وہ پیدا کرتا رہتا ہے مَا جنہیں لَا تَعْلَمُوْنَ تم نہیں جانتے

اور اس نے گھوڑے، خچر اور گدھے پیدا فرمائے تاکہ تم ان پر سواری کرو اور وہ باعثِ زینت بھی ہوں۔ اور وہ ایسی چیزیں بھی پیدا فرماتا رہتا ہے جنہیں تم نہیں جانتے۔

وَ عَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَ مِنْهَا جَآئِرٌ ؕ وَ لَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ (۹)

وَ اور عَلَى اللّٰهِ اللہ تعالیٰ کے ذمے قَصْدُ سیدھی السَّبِيْلِ راہ وَمِنْهَا اور ان میں سے جَآئِرٌ ٹیڑھی وَلَوْ اور اگر شَآءَ وہ چاہتا لَهَدٰىكُمْ تو تمہیں سیدھی راہ چلا دیتا اَجْمَعِيْنَ سب

سیدھی راہ دکھانا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے، اور بہت سی راہیں ٹیڑھی بھی ہیں۔ اور اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو تم سب کو [زبردستی] سیدھی راہ چلا دیتا۔

هُوَ الَّذِيْۤ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً لَّكُمْ مِّنْهُ شَرَابٌ وَّ مِنْهُ شَجَرٌ فِيْهِ تُسِيْمُوْنَ (۱۰)

هُوَ وہی الَّذِيْۤ جس نے اَنْزَلَ برسایا مِنَ سے السَّمَآءِ آسمان مَآءً پانی لَّكُمْ تمہارے لیے مِّنْهُ اس سے شَرَابٌ پینا وَّمِنْهُ اور اس سے شَجَرٌ درخت فِيْهِ اس میں

تُسِيمُوْنَ تم جانور چراتے ہو

وہی ہے جس نے تمہارے لیے آسمان سے پانی برسایا۔ وہ پینے کے لیے بھی ہے اور اسی
سے چارہ بھی پیدا ہوتا ہے جس میں تم جانور چراتے ہو۔

يُنْۢبِتُ لَكُمْ بِهِ الزَّرْعَ وَ الزَّيْتُوْنَ وَ النَّخِيْلَ وَ الْاَعْنَابَ وَ مِنْ كُلِّ
الثَّمَرٰتِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۱﴾

يُنْۢبِتُ وہ اگاتا ہے لَكُمْ تمہارے لیے بِهِ اس سے الزَّرْعَ کھیتی وَالزَّيْتُوْنَ اور زیتون
وَالنَّخِيْلَ اور کھجور وَالْاَعْنَابَ اور انگور وَ اور مِنْ سے كُلِّ ہر طرح کے الثَّمَرٰتِ
پھل [جمع] اِنَّ بیشک فِيْ ذٰلِكَ اس میں لَاٰيَةً البتہ نشانیاں لِّقَوْمٍ ان لوگوں کے لیے
يَّتَفَكَّرُوْنَ جو غور و فکر کرتے ہیں

وہ تمہارے لیے اسی پانی سے کھیتیاں، زیتون اور کھجور، انگور اور ہر قسم کے پھل اگاتا
بھی ہے، بیشک اس میں ان لوگوں کے لیے بڑی نشانی ہے جو غور و فکر کرتے ہیں۔

وَ سَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَ النَّهَارَ ۙ وَ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ ؕ وَ النُّجُوْمُ مُسَخَّرٰتٌۢ
بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۱۲﴾

وَسَخَّرَ اور مسخر کیے لَكُمُ تمہارے لیے الَّيْلَ رات وَالنَّهَارَ اور دن وَالشَّمْسَ اور
سورج وَالْقَمَرَ اور چاند وَالنُّجُوْمُ اور ستارے مُسَخَّرٰتٌ مسخر ہیں / کام پر لگے ہیں
بِاَمْرِهٖ اس کے حکم سے اِنَّ بیشک فِيْ میں ذٰلِكَ اس لَاٰيٰتٍ البتہ نشانیاں لِّقَوْمٍ ان
لوگوں کے لیے يَّعْقِلُوْنَ جو عقل سے کام لیتے ہیں

اور اسی نے تمہارے فائدے کے لیے رات، دن، چاند اور سورج کو مسخر کر رکھا ہے اور
ستارے بھی اسی کے حکم سے کام پر لگے ہوئے ہیں۔ بیشک اس میں ان لوگوں کے لیے
نشانیاں ہیں جو عقل سے کام لیتے ہیں۔

وَ مَا ذَرَاَ لَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ

يَّذَّكَّرُوْنَ (١٣)

وَمَا اور جو ذَرَاَ پیدا کی ہیں لَكُمْ تمہارے لیے فِي الْاَرْضِ زمین میں مُخْتَلِفًا مختلف اَلْوَانُهٗ اس کے رنگ اِنَّ بیشک فِيْ ذٰلِكَ اس میں لَاٰيَةً البتہ نشانیاں لِّقَوْمٍ ان لوگوں کے لیے يَّذَّكَّرُوْنَ جو نصیحت حاصل کرتے ہیں

اور اس نے تمہارے لیے زمین میں جو رنگا رنگ چیزیں پیدا کر رکھی ہیں، یقیناً اس میں ان لوگوں کے لیے نشانی ہے جو نصیحت حاصل کرتے ہیں۔

وَهُوَ الَّذِيْ سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَاْكُلُوْا مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْا مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ (١٤)

وَهُوَ اور وہی الَّذِيْ جس نے سَخَّرَ مسخر کیا الْبَحْرَ سمندر کو لِتَاْكُلُوْا تاکہ تم کھاؤ مِنْهُ اس سے لَحْمًا گوشت طَرِيًّا تازہ وَّتَسْتَخْرِجُوْا اور تم نکالو مِنْهُ اس سے حِلْيَةً زیورات تَلْبَسُوْنَهَا جنہیں تم پہنتے ہو وَتَرَى اور تم دیکھتے ہو الْفُلْكَ کشتیاں مَوَاخِرَ چیرنے والی فِيْهِ اس میں وَلِتَبْتَغُوْا اور تاکہ تم تلاش کرو مِنْ سے فَضْلِهٖ اس کا فضل وَلَعَلَّكُمْ اور تاکہ تم تَشْكُرُوْنَ شکر ادا کرو

اور وہی ہے جس نے سمندر کو مسخر کر دیا تاکہ تم اس میں سے تازہ گوشت کھاؤ اور اس میں سے پہننے کے لیے زیورات نکالو۔ اور تم دیکھتے ہو کہ کشتیاں سمندر کو چیرتی ہوئی چلتی ہیں۔ یہ سب اس لیے ہے کہ تم اللہ تعالیٰ کا فضل تلاش کرو، اور شکر ادا کرو۔

وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَاَنْهٰرًا وَّسُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۙ
(١٥)

وَاَلْقٰى اور ڈال دیے / گاڑ دیے فِي الْاَرْضِ زمین میں رَوَاسِيَ کھونٹے / پہاڑ اَنْ تَمِيْدَ کہیں ڈگمگا نہ جائے بِكُمْ تمہیں لے کر وَاَنْهٰرًا اور دریا وَّسُبُلًا اور راستے

لَّعَلَّكُمۡ تاکہ تم تَهۡتَدُوۡنَ راہ پاسکو

اور اسی نے زمین میں پہاڑوں کے کھونٹے گاڑ دیے تاکہ وہ تمہیں لے کر ڈگمگائے نہیں،

اور اسی نے دریا اور راستے بنائے تاکہ تم راہ پاسکو......

وَ عَلٰمٰتٍ ؕ وَ بِالنَّجۡمِ هُمۡ يَهۡتَدُوۡنَ (١٦)

وَعَلٰمٰتٍ اور علامتیں وَبِالنَّجۡمِ اور ستاروں کے ذریعے هُمۡ وہ يَهۡتَدُوۡنَ راہ پاتے ہیں

اور مختلف علامتیں بھی بنادیں اور وہ لوگ ستاروں کے ذریعے راہ پاتے ہیں۔

اَفَمَنۡ يَّخۡلُقُ كَمَنۡ لَّا يَخۡلُقُ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوۡنَ (١٧)

اَفَمَنۡ پھر بھلا جو يَّخۡلُقُ پیدا کرتا ہو كَمَنۡ اس جیسا جو لَّا يَخۡلُقُ پیدا نہیں کر سکتا اَفَلَا کیا اب بھی نہیں تَذَكَّرُوۡنَ تم سبق حاصل کرو گے

پھر بھلا جو پیدا کرتا ہو وہ اس کی طرح ہو گا جو پیدا نہیں کر سکتا؟ کیا اب بھی تم سبق حاصل نہیں کرو گے؟

وَاِنۡ تَعُدُّوۡا نِعۡمَةَ اللّٰهِ لَا تُحۡصُوۡهَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ (١٨)

وَاِنۡ اور اگر تَعُدُّوۡا تم شمار کرنے لگو نِعۡمَةَ اللّٰهِ اللہ تعالیٰ کی نعمت لَا تُحۡصُوۡهَا تم اسے شمار نہ کر سکو گے اِنَّ اللّٰهَ بیشک اللہ تعالیٰ لَغَفُوۡرٌ واقعی بڑا بخشنے والا رَّحِيۡمٌ نہایت مہربان

اور اگر تم اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو شمار کرنے لگو تو شمار نہ کر سکو گے۔ بیشک اللہ تعالیٰ واقعی بڑا بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔

وَاللّٰهُ يَعۡلَمُ مَا تُسِرُّوۡنَ وَمَا تُعۡلِنُوۡنَ (١٩)

وَاللّٰهُ اور اللہ تعالیٰ يَعۡلَمُ جانتا ہے مَا جو تُسِرُّوۡنَ تم چھپاتے ہو وَمَا اور جو تُعۡلِنُوۡنَ تم ظاہر کرتے ہو

اور اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو کچھ تم چھپاتے ہو اور جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو۔

وَ الَّذِيۡنَ يَدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ لَا يَخۡلُقُوۡنَ شَيۡـًٔـا وَّ هُمۡ يُخۡلَقُوۡنَ (٢٠)

وَالَّذِيۡنَ اور جنہیں يَدۡعُوۡنَ وہ پکارتے ہیں مِنۡ دُوۡنِ سوائے اللّٰهِ اللہ تعالیٰ لَا يَخۡلُقُوۡنَ وہ پیدا نہیں کرسکتے شَيۡـًٔـا کچھ بھی وَّهُمۡ اور وہ خود يُخۡلَقُوۡنَ پیدا کیے گئے

اور وہ لوگ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر جنہیں پکارتے ہیں وہ کچھ بھی پیدا نہیں کرسکتے بلکہ وہ تو خود پیدا کیے گئے ہیں۔

اَمۡوَاتٌ غَيۡرُ اَحۡيَآءٍ ۚ وَمَا يَشۡعُرُوۡنَ ۙ اَيَّانَ يُبۡعَثُوۡنَ (٢١)

اَمۡوَاتٌ مردے غَيۡرُ نہیں اَحۡيَآءٍ زندہ وَمَا يَشۡعُرُوۡنَ اور انہیں کچھ خبر نہیں اَيَّانَ کب يُبۡعَثُوۡنَ ان کو زندہ کرکے اٹھایا جائے گا

وہ مردے ہیں، زندہ نہیں؛ اور انہیں کچھ خبر نہیں کہ ان لوگوں کو کب زندہ کرکے اٹھایا جائے گا۔

اِلٰهُكُمۡ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَالَّذِيۡنَ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡاٰخِرَةِ قُلُوۡبُهُمۡ مُّنۡكِرَةٌ وَّ هُمۡ مُّسۡتَكۡبِرُوۡنَ (٢٢)

اِلٰهُكُمۡ تمہارا معبود اِلٰهٌ معبود وَّاحِدٌ واحد فَالَّذِيۡنَ البتہ جو لوگ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ نہیں مانتے بِالۡاٰخِرَةِ آخرت کو قُلُوۡبُهُمۡ ان کے دل مُّنۡكِرَةٌ انکاری وَّهُمۡ اور وہ مُّسۡتَكۡبِرُوۡنَ تکبر کرنے والے

تمہارا معبود تو معبودِ واحد ہی ہے۔ البتہ جو لوگ آخرت کو نہیں مانتے ان کے دل انکاری ہیں اور وہ تکبر کر رہے ہیں۔

لَا جَرَمَ اَنَّ اللّٰهَ يَعۡلَمُ مَا يُسِرُّوۡنَ وَ مَا يُعۡلِنُوۡنَ ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الۡمُسۡتَكۡبِرِيۡنَ (٢٣)

لَا جَرَمَ یقینی بات ہے اَنَّ کہ اللّٰهَ اللہ تعالیٰ يَعۡلَمُ جانتا ہے مَا جو يُسِرُّوۡنَ وہ چھپاتے ہیں وَمَا اور جو يُعۡلِنُوۡنَ وہ ظاہر کرتے ہیں اِنَّهٗ بیشک وہ لَا يُحِبُّ پسند نہیں فرماتا

الْمُسْتَكْبِرِيْنَ تکبر کرنے والے

یہ بات یقینی ہے کہ جو کچھ وہ چھپ کر کریں یا اعلانیہ کریں، اللہ تعالیٰ سب جانتا ہے۔
بیشک وہ تکبر کرنے والوں کو پسند نہیں فرماتا۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ مَّاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۙ قَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٢٤﴾

وَاِذَا اور جب قِيْلَ کہا جائے لَهُمْ ان سے مَّاذَآ کیا اَنْزَلَ نازل کیا رَبُّكُمْ تمہارا رب
قَالُوْٓا وہ کہتے ہیں اَسَاطِيْرُ افسانے الْاَوَّلِيْنَ پہلے لوگوں کے

اور جب ان سے پوچھا جائے کہ تمہارے رب نے کیا نازل کیا؟ تو وہ کہتے ہیں: گزشتہ
لوگوں کے افسانے!۔

لِيَحْمِلُوْٓا اَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۙ وَمِنْ اَوْزَارِ الَّذِيْنَ يُضِلُّوْنَهُمْ
بِغَيْرِ عِلْمٍ ۭ اَلَا سَاۗءَ مَا يَزِرُوْنَ ﴿٢٥﴾

لِيَحْمِلُوْٓا نتیجۃً وہ اٹھائیں گے اَوْزَارَهُمْ اپنے بوجھ كَامِلَةً پورے کے پورے يَّوْمَ
الْقِيٰمَةِ قیامت کے دن وَمِنْ اور کچھ اَوْزَارِ بوجھ الَّذِيْنَ جنہیں يُضِلُّوْنَهُمْ وہ گمراہ
کر رہے ہیں بِغَيْرِ عِلْمٍ علم کے بغیر اَلَا ذرا دیکھو تو سَاۗءَ کتنا برا ہے مَا يَزِرُوْنَ جو وہ لاد
رہے ہیں

نتیجۃً وہ قیامت کے دن اپنے پورے کے پورے بوجھ اٹھائیں گے اور ان لوگوں کے
بوجھ کا ایک حصہ بھی اٹھائیں گے جنہیں وہ بغیر علم کے گمراہ کر رہے ہیں، ذرا دیکھو تو!
کتنا برا بوجھ ہے جو وہ لاد رہے ہیں۔

قَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتَى اللّٰهُ بُنْيَانَهُمْ مِّنَ الْقَوَاعِدِ فَخَرَّ عَلَيْهِمُ
السَّقْفُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٢٦﴾

قَدْ مَكَرَ فریب کاریاں کی تھی الَّذِيْنَ ان لوگوں نے جو مِنْ قَبْلِهِمْ ان سے پہلے
فَاَتَى پس آیا اللّٰهُ اللہ تعالیٰ بُنْيَانَهُمْ ان کی عمارت پر مِّنَ سے الْقَوَاعِدِ بنیادیں فَخَرَّ

تو گر پڑی عَلَيْهِمُ ان پر السَّقْفُ چھت مِنْ سے فَوْقِهِمْ ان کے اوپر وَاَتٰىهُمُ اور ان پر آپڑا الْعَذَابُ عذاب مِنْ حَيْثُ جہاں سے لَا يَشْعُرُوْنَ انہیں خیال بھی نہ تھا

ان سے پہلے لوگوں نے بھی فریب کاریاں کی تھیں، پھر اللہ تعالیٰ نے ان کی عمارت بنیادوں سے اکھیڑ ڈالی تو ان کے اوپر سے چھت ان پر گر پڑی اور ان پر عذاب ادھر سے آپڑا جدھر سے انہیں خیال بھی نہ تھا۔

ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُخْزِيْهِمْ وَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تُشَآقُّوْنَ فِيْهِمْ ؕ قَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَ السُّوْٓءَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ (٢٧)

ثُمَّ پھر يَوْمَ الْقِيٰمَةِ قیامت کے دن يُخْزِيْهِمْ انہیں رسوا کرے گا وَيَقُوْلُ اور کہے گا اَيْنَ کہاں شُرَكَآءِيَ میرے شریک الَّذِيْنَ وہ جو كُنْتُمْ تُشَآقُّوْنَ تم جھگڑے کیا کرتے تھے فِيْهِمْ ان کی خاطر قَالَ کہیں گے الَّذِيْنَ وہ لوگ اُوْتُوا جنہیں دیا گیا تھا الْعِلْمَ علم اِنَّ بیشک الْخِزْيَ رسوائی الْيَوْمَ آج وَالسُّوْٓءَ بدحالی عَلٰى پر الْكٰفِرِيْنَ کفار

پھر اللہ تعالیٰ انہیں قیامت کے دن رسوا کرے گا اور فرمائے گا کہ کہاں ہیں میرے شریک جن کی خاطر تم جھگڑے کیا کرتے تھے؟ جنہیں [دنیا میں] علم دیا گیا تھا وہ کہیں گے: یقیناً آج کفار پر رسوائی اور بدحالی ہے۔

الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۠ فَاَلْقَوُا السَّلَمَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِنْ سُوْٓءٍ ؕ بَلٰٓى اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (٢٨)

الَّذِيْنَ وہ جو تَتَوَفّٰىهُمُ ان کی جان نکالتے ہیں الْمَلٰٓئِكَةُ فرشتے ظَالِمِيْٓ اس حال میں کہ وہ ظلم کررہے تھے اَنْفُسِهِمْ اپنے اوپر فَاَلْقَوُا تو وہ دیں گے السَّلَمَ پیغامِ اطاعت مَا كُنَّا نَعْمَلُ ہم نہیں کیا کرتے تھے مِنْ سُوْٓءٍ کوئی برائی بَلٰٓى کیسے نہیں کررہے تھے

اِنَّ بیشک اللّٰہَ اللہ تعالیٰ عَلِیۡمٌ خوب واقف بِمَا اس سے جو کُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ تم کیا کرتے تھے

وہ جن کی روحیں فرشتے اس حال میں قبض کرتے ہیں کہ وہ اپنے اوپر ظلم کیے جا رہے تھے۔[قیامت کے] اس موقع پر وہ لوگ بڑے فرماں بردار بن جائیں گے کہ ہم تو کوئی برائی نہیں کر رہے تھے۔[انہیں جواب ملے گا:] کیسے نہیں کر رہے تھے! بیشک اللہ تعالیٰ تمہارے کرتوتوں سے خوب واقف ہے۔

فَادۡخُلُوۡۤا اَبۡوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَا‌ؕ فَلَبِئۡسَ مَثۡوَى الۡمُتَكَبِّرِيۡنَ‏ ﴿۲۹﴾

فَادۡخُلُوۡۤا اب تم داخل ہو جاؤ اَبۡوَابَ دروازے جَهَنَّمَ جہنم خٰلِدِيۡنَ ہمیشہ رہو گے فِيۡهَا اس میں فَلَبِئۡسَ پس بہت برا مَثۡوَى ٹھکانہ الۡمُتَكَبِّرِيۡنَ تکبر کرنے والے

اب جہنم کے دروازوں میں گھس جاؤ؛ ہمیشہ اسی میں رہو گے۔ پس تکبر کرنے والوں کا کیسا برا ٹھکانہ ہے!

وَقِيۡلَ لِلَّذِيۡنَ اتَّقَوۡا مَاذَاۤ اَنۡزَلَ رَبُّكُمۡ‌ؕ قَالُوۡا خَيۡرًا‌ؕ لِلَّذِيۡنَ اَحۡسَنُوۡا فِىۡ هٰذِهِ الدُّنۡيَا حَسَنَةٌ‌ؕ وَلَدَارُ الۡاٰخِرَةِ خَيۡرٌ‌ؕ وَلَنِعۡمَ دَارُ الۡمُتَّقِيۡنَۙ‏ ﴿۳۰﴾

وَقِيۡلَ اور پوچھا جائے لِلَّذِيۡنَ ان لوگوں سے اتَّقَوۡا جو متقی ہوئے مَاذَاۤ کیا اَنۡزَلَ اتارا رَبُّكُمۡ تمہارے رب نے قَالُوۡا وہ کہیں خَيۡرًا بہترین لِلَّذِيۡنَ ان لوگوں کے لیے اَحۡسَنُوۡا جنہوں نے نیکی کی فِىۡ میں هٰذِهِ اس الدُّنۡيَا دنیا حَسَنَةٌ بھلائی وَلَدَارُ الۡاٰخِرَةِ اور آخرت کا گھر تو خَيۡرٌ بہتر ہے ہی وَلَنِعۡمَ اور کیا خوب دَارُ گھر الۡمُتَّقِيۡنَ متقی لوگ

اور جب متقی لوگوں سے پوچھا جائے کہ تمہارے رب نے کیا نازل فرمایا ہے؟ وہ کہتے ہیں: بہترین چیز! اس طرح کے نیکوکاروں کے لیے اس دنیا میں بھی بہتری ہے اور آخرت کا گھر تو بہتر ہے ہی۔ اور واقعی متقی لوگوں کا گھر کیا خوب ہے!

جَنّٰتُ عَدۡنٍ یَّدۡخُلُوۡنَہَا تَجۡرِیۡ مِنۡ تَحۡتِہَا الۡاَنۡہٰرُ لَہُمۡ فِیۡہَا مَا یَشَآءُوۡنَ ؕ
کَذٰلِکَ یَجۡزِی اللّٰہُ الۡمُتَّقِیۡنَ ﴿۳۱﴾

جَنّٰتُ باغات عَدۡنٍ ہمیشگی والے یَّدۡخُلُوۡنَہَا وہ ان میں داخل ہوں گے تَجۡرِیۡ بہتی ہیں مِنۡ تَحۡتِہَا ان کے نیچے سے الۡاَنۡہٰرُ نہریں لَہُمۡ ان کے لیے فِیۡہَا ان میں مَا جو یَشَآءُوۡنَ وہ چاہیں گے کَذٰلِکَ اسی طرح یَجۡزِی جزا دیتا ہے اللّٰہُ اللہ تعالیٰ الۡمُتَّقِیۡنَ متقی لوگ

ہمیشگی والے باغات ہیں، جن میں وہ داخل ہوں گے، ان میں نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ اُن باغات میں ان کے لیے وہ سب کچھ ہو گا جو وہ چاہیں گے۔ اللہ تعالیٰ اسی طرح متقین کو صلہ عطا فرماتا ہے۔

الَّذِیۡنَ تَتَوَفّٰہُمُ الۡمَلٰٓئِکَۃُ طَیِّبِیۡنَ ۙ یَقُوۡلُوۡنَ سَلٰمٌ عَلَیۡکُمُ ۙ ادۡخُلُوا الۡجَنَّۃَ
بِمَا کُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۳۲﴾

الَّذِیۡنَ وہ لوگ جو کہ تَتَوَفّٰہُمُ ان کی روح قبض کرتے ہیں الۡمَلٰٓئِکَۃُ فرشتے طَیِّبِیۡنَ وہ پاک ہوتے ہیں یَقُوۡلُوۡنَ وہ کہتے ہیں سَلٰمٌ سلامتی عَلَیۡکُمُ تم پر ادۡخُلُوا داخل ہو جاؤ الۡجَنَّۃَ جنت بِمَا اس کے بدلے جو کُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ تم کیا کرتے تھے

وہ جن کی روحیں فرشتے اس حال میں قبض کرتے ہیں کہ وہ پاک ہوتے ہیں۔ فرشتے کہتے ہیں: تم پر سلامتی ہو، اپنے اعمال کے صلے میں جنت میں داخل ہو جاؤ۔

ہَلۡ یَنۡظُرُوۡنَ اِلَّاۤ اَنۡ تَاۡتِیَہُمُ الۡمَلٰٓئِکَۃُ اَوۡ یَاۡتِیَ اَمۡرُ رَبِّکَ ؕ کَذٰلِکَ فَعَلَ
الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِہِمۡ ؕ وَ مَا ظَلَمَہُمُ اللّٰہُ وَ لٰکِنۡ کَانُوۡۤا اَنۡفُسَہُمۡ یَظۡلِمُوۡنَ
﴿۳۳﴾

ہَلۡ کیا یَنۡظُرُوۡنَ وہ انتظار کرتے ہیں اِلَّاۤ مگر اَنۡ یہ کہ تَاۡتِیَہُمُ ان کے پاس آ جائیں الۡمَلٰٓئِکَۃُ فرشتے اَوۡ یَاۡتِیَ یا آ پہنچے اَمۡرُ حکم رَبِّکَ تیرا رب کَذٰلِکَ ایسا ہی فَعَلَ کیا

الَّذِیۡنَ وہ لوگ جو مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ان سے پہلے وَ اور مَا ظَلَمَهُمُ ان پر نہیں ظلم کیا اللّٰهُ
اللہ تعالیٰ نے وَلٰكِنۡ لیکن كَانُوۡۤا وہ تھے اَنۡفُسَهُمۡ اپنے اوپر يَظۡلِمُوۡنَ ظلم ڈھاتے

یہ لوگ اب اور کس چیز کے منتظر ہیں سوائے اس کے کہ ان کے پاس فرشتے آ جائیں یا آپ کے رب کا فیصلہ آ پہنچے!؟ ان سے پہلے والے لوگوں نے بھی ایسے ہی کیا تھا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے تو ان پر کوئی ظلم نہیں کیا تھا لیکن وہ خود اپنے اوپر ظلم ڈھاتے رہے۔

فَاَصَابَهُمۡ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوۡا وَ حَاقَ بِهِمۡ مَّا كَانُوۡا بِهٖ يَسۡتَهۡزِءُوۡنَ (۳۴)

فَاَصَابَهُمۡ آخر ان پر آ پڑا سَيِّاٰتُ وبال مَا عَمِلُوۡا اس کا جو انہوں نے کیا وَ حَاقَ اور آ گھیرا بِهِمۡ ان کو مَّا جو كَانُوۡا وہ تھے بِهٖ اس کا يَسۡتَهۡزِءُوۡنَ مذاق اڑاتے

آخر ان کے کرتوتوں کا وبال ان پر آ پڑا اور جس چیز کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھے اسی نے انہیں آ گھیرا۔

وَ قَالَ الَّذِیۡنَ اَشۡرَكُوۡا لَوۡ شَآءَ اللّٰهُ مَا عَبَدۡنَا مِنۡ دُوۡنِهٖ مِنۡ شَیۡءٍ نَّحۡنُ وَ لَاۤ اٰبَآؤُنَا وَ لَا حَرَّمۡنَا مِنۡ دُوۡنِهٖ مِنۡ شَیۡءٍ ؕ كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ۚ فَهَلۡ عَلَى الرُّسُلِ اِلَّا الۡبَلٰغُ الۡمُبِیۡنُ (۳۵)

وَقَالَ اور کہا الَّذِیۡنَ ان لوگوں نے اَشۡرَكُوۡا جنہوں نے شرک کیا لَوۡ اگر شَآءَ چاہتا اللّٰهُ اللہ تعالیٰ مَا عَبَدۡنَا ہم پرستش نہ کر سکتے مِنۡ دُوۡنِهٖ اس کے سوا مِنۡ شَیۡءٍ کسی چیز کی نَّحۡنُ ہم وَلَاۤ اور نہ اٰبَآؤُنَا ہمارے آباء واجداد وَلَا حَرَّمۡنَا اور نہ ہم حرام قرار دے سکتے مِنۡ دُوۡنِهٖ اس کے بغیر مِنۡ شَیۡءٍ کسی چیز کو كَذٰلِكَ اسی طرح فَعَلَ کیا الَّذِیۡنَ ان لوگوں نے جو مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ان سے پہلے فَهَلۡ تو کیا عَلَى ذمے الرُّسُلِ رسولوں کے اِلَّا مگر الۡبَلٰغُ پہنچا دینا الۡمُبِیۡنُ صاف صاف / واضح طور پر

اور مشرکین کہتے ہیں کہ اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو ہم اس کے سوا کسی چیز کی پرستش نہ کر سکتے؛ نہ ہم نہ ہمارے آباء واجداد، اور نہ ہم اس کے حکم کے بغیر کسی چیز کو حرام قرار

دے سکتے۔ ان سے پہلے والے لوگوں نے بھی یہی حرکت کی تھی۔ تو کیا رسولوں کے ذمہ واضح طور پر پہنچا دینے کے علاوہ بھی کچھ ہے؟

وَ لَقَدۡ بَعَثۡنَا فِیۡ کُلِّ اُمَّۃٍ رَّسُوۡلًا اَنِ اعۡبُدُوا اللّٰہَ وَ اجۡتَنِبُوا الطَّاغُوۡتَ ۚ فَمِنۡھُمۡ مَّنۡ ھَدَی اللّٰہُ وَ مِنۡھُمۡ مَّنۡ حَقَّتۡ عَلَیۡہِ الضَّلٰلَۃُ ؕ فَسِیۡرُوۡا فِی الۡاَرۡضِ فَانۡظُرُوۡا کَیۡفَ کَانَ عَاقِبَۃُ الۡمُکَذِّبِیۡنَ ﴿۳۶﴾

وَ اور لَقَدۡ یقیناً بَعَثۡنَا ہم نے بھیجا فِیۡ میں کُلِّ اُمَّۃٍ ہر امت رَّسُوۡلًا ایک رسول اَنِ یہ کہ اعۡبُدُوا عبادت کرو اللّٰہَ اللہ تعالیٰ وَ اجۡتَنِبُوا اور بچتے رہو الطَّاغُوۡتَ شیطان فَمِنۡھُمۡ پھر ان میں سے کوئی مَّنۡ جسے ھَدَی ہدایت دی اللّٰہُ اللہ تعالیٰ نے وَ مِنۡھُمۡ اور ان میں سے کوئی مَّنۡ وہ جو حَقَّتۡ مسلط ہوگئی عَلَیۡہِ اس پر الضَّلٰلَۃُ گمراہی فَسِیۡرُوۡا اب چلو پھرو فِی الۡاَرۡضِ زمین میں فَانۡظُرُوۡا پھر دیکھ لو کَیۡفَ کیسا کَانَ ہوا عَاقِبَۃُ انجام الۡمُکَذِّبِیۡنَ جھٹلانے والے

اور یقیناً ہم نے ہر امت میں ایک رسول بھیجا کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اور شیطان سے بچتے رہو۔ پھر ان میں سے کچھ کو اللہ تعالیٰ نے ہدایت عطا فرمائی اور کچھ ایسے تھے جن پر گمراہی مسلط ہوگئی۔ اب تم زمین میں چل پھر کر دیکھ لو کہ جھٹلانے والوں کا کیا انجام ہوا!

اِنۡ تَحۡرِصۡ عَلٰی ھُدٰىھُمۡ فَاِنَّ اللّٰہَ لَا یَھۡدِیۡ مَنۡ یُّضِلُّ وَ مَا لَھُمۡ مِّنۡ نّٰصِرِیۡنَ ﴿۳۷﴾

اِنۡ اگرچہ تَحۡرِصۡ آپ شدت سے خواہش رکھتے ہیں عَلٰی ھُدٰىھُمۡ ان کی ہدایت کی فَاِنَّ اللّٰہَ تو بیشک اللہ تعالیٰ لَا یَھۡدِیۡ ہدایت نہیں دیتا مَنۡ جسے یُّضِلُّ بھٹکا دے وَ مَا اور نہیں لَھُمۡ ان کے لیے مِّنۡ کوئی نّٰصِرِیۡنَ مددگار

اگرچہ آپ ان کی ہدایت کی شدت سے خواہش رکھتے ہیں مگر یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ

جسے بھٹکا دے پھر اسے ہدایت نہیں دیتا اور کوئی بھی ان کا مددگار نہیں ہو سکتا۔

وَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ لَا يَبْعَثُ اللّٰهُ مَنْ يَّمُوْتُ ؕ بَلٰى وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا وَّ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۸﴾

وَاَقْسَمُوْا اور انہوں نے قسم کھائیں بِاللّٰهِ اللہ تعالیٰ کی جَهْدَ سخت اَيْمَانِهِمْ ان کی قسمیں لَا يَبْعَثُ دوبارہ زندہ کر کے نہیں اٹھائے گا اللّٰهُ اللہ تعالیٰ مَنْ جو يَّمُوْتُ مر جاتا ہے بَلٰى کرے گا کیوں نہیں وَعْدًا وعدہ عَلَيْهِ اس پر حَقًّا پورا / سچا وَّلٰكِنَّ لیکن اَكْثَرَ اکثر النَّاسِ لوگ لَا يَعْلَمُوْنَ جانتے نہیں

اور یہ لوگ بڑے زور و شور سے اللہ کی قسمیں کھا کھا کر کہتے ہیں کہ جو مر جاتا ہے اللہ تعالیٰ اسے دوبارہ زندہ نہیں کرے گا۔ کرے گا کیوں نہیں؟ اس وعدے کو پورا کرنا اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمے لیا ہوا ہے، لیکن اکثر لوگ جانتے نہیں۔

لِيُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِيْ يَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ وَ لِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰذِبِيْنَ ﴿۳۹﴾

لِيُبَيِّنَ تاکہ وہ حقیقت کھول دے لَهُمُ ان کے روبرو الَّذِيْ وہ جو يَخْتَلِفُوْنَ وہ اختلاف کرتے ہیں فِيْهِ اس میں وَلِيَعْلَمَ اور تاکہ جان لیں الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا جن لوگوں نے کفر کیا اَنَّهُمْ کہ وہی كَانُوْا تھے كٰذِبِيْنَ جھوٹے

[دوبارہ زندہ کرنا اس لیے ہو گا] تاکہ اللہ تعالیٰ ان کے روبرو اس حقیقت کو کھول دے جس کے بارے میں یہ لوگ اختلاف کر رہے ہیں، اور تاکہ کفار جان لیں کہ وہ واقعی جھوٹے تھے۔

اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ اِذَاۤ اَرَدْنٰهُ اَنْ نَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۴۰﴾

اِنَّمَا فقط قَوْلُنَا ہمارا فرمان لِشَيْءٍ کسی چیز کے لیے اِذَاۤ جب اَرَدْنٰهُ ہم اس کا ارادہ کریں اَنْ یہ کہ نَّقُوْلَ ہم کہتے ہیں لَهٗ اس کو كُنْ ہو جا فَيَكُوْنُ بس وہ ہو جاتی ہے

کسی بھی چیز کے لیے ہمارا فرمان بس اسی قدر ہوتا ہے کہ جب ہم اس [کے پیدا کرنے] کا ارادہ فرمائیں تو کہہ دیتے ہیں: "ہو جا"، اور بس وہ ہو جاتی ہے۔

وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِي اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ؕ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿٤١﴾

وَالَّذِيْنَ اور جن لوگوں نے هَاجَرُوْا ہجرت کی فِي اللّٰهِ اللہ کی راہ میں مِنْۢ بَعْدِ مَا اس کے بعد کہ ظُلِمُوْا ان پر ظلم کیا گیا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ ہم انہیں لازماً ٹھکانا دیں گے فِي الدُّنْيَا دنیا میں حَسَنَةً اچھا وَلَاَجْرُ اور بیشک اجر الْاٰخِرَةِ آخرت اَكْبَرُ بہت بڑا لَوْ کاش كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ وہ جانتے ہوتے

اور جن لوگوں نے مظالم برداشت کرنے کے بعد اللہ کی راہ میں ہجرت کی، ہم لازماً انہیں دنیا میں بھی بہتر ٹھکانا دیں گے، اور آخرت کا اجر تو یقیناً بہت بڑا ہے۔ اے کاش! وہ جانتے ہوتے۔

الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿٤٢﴾

الَّذِيْنَ وہ لوگ جنہوں نے صَبَرُوْا صبر کیا وَ اور عَلٰى رَبِّهِمْ اپنے رب پر يَتَوَكَّلُوْنَ وہ بھروسہ رکھتے ہیں

یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے صبر کیا اور وہ اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں۔

وَمَاۤ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْۤ اِلَيْهِمْ فَسْئَلُوْۤا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٤٣﴾

وَ اور مَاۤ اَرْسَلْنَا ہم نے نہیں بھیجے مِنْ قَبْلِكَ آپ سے پہلے اِلَّا مگر رِجَالًا مرد [جمع] نُّوْحِيْۤ ہم وحی کیا کرتے تھے اِلَيْهِمْ ان کی طرف فَسْئَلُوْۤا اب تم پوچھ لو اَهْلَ الذِّكْرِ اہلِ علم سے اِنْ اگر كُنْتُمْ تم ہو لَا تَعْلَمُوْنَ نہیں جانتے

اور ہم نے آپ سے پہلے صرف مَردوں کو ہی رسول بنا کر بھیجا تھا جن کی طرف ہم وحی

فرمایا کرتے تھے۔ اب اگر تم لوگ خود نہیں جانتے تو اہلِ علم سے پوچھ لو۔

بِالۡبَيِّنٰتِ وَ الزُّبُرِ ؕ وَ اَنۡزَلۡنَاۤ اِلَيۡكَ الذِّكۡرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيۡهِمۡ وَ لَعَلَّهُمۡ يَتَفَكَّرُوۡنَ ﴿٤٤﴾

بِالۡبَيِّنٰتِ واضح دلائل کے ساتھ وَالزُّبُرِ اور کتابیں وَاَنۡزَلۡنَاۤ اور ہم نے نازل کیا اِلَيۡكَ آپ کی طرف الذِّكۡرَ یہ نصیحت نامہ لِتُبَيِّنَ تاکہ آپ کھول کر بیان کر دیں لِلنَّاسِ لوگوں کے سامنے مَا جو نُزِّلَ نازل کیا گیا اِلَيۡهِمۡ ان کے لیے وَلَعَلَّهُمۡ اور تاکہ وہ يَتَفَكَّرُوۡنَ غور و فکر سے کام لیں

[ان رسولوں کو] واضح دلائل اور کتابیں دے کر بھیجا تھا۔ اور ہم نے آپ پر یہ نصیحت نامہ [قرآن کریم] نازل کیا ہے تاکہ آپ لوگوں کے سامنے خوب کھول کر بیان کر دیں جو ان کے لیے اتارا گیا ہے، اور تاکہ وہ لوگ غور و فکر سے کام لیں۔

اَفَاَمِنَ الَّذِيۡنَ مَكَرُوا السَّيِّاٰتِ اَنۡ يَّخۡسِفَ اللّٰهُ بِهِمُ الۡاَرۡضَ اَوۡ يَاۡتِيَهُمُ الۡعَذَابُ مِنۡ حَيۡثُ لَا يَشۡعُرُوۡنَ ﴿٤٥﴾

اَفَاَمِنَ کیا بے خوف ہیں الَّذِيۡنَ جن لوگوں نے مَكَرُوا چالیں چلیں السَّيِّاٰتِ بری اَنۡ یہ کہ يَّخۡسِفَ دھنسا دے اللّٰهُ اللہ تعالیٰ بِهِمُ ان کو الۡاَرۡضَ زمین اَوۡ یا يَاۡتِيَهُمُ ان پر آجائے الۡعَذَابُ عذاب مِنۡ حَيۡثُ جہاں سے لَا يَشۡعُرُوۡنَ انہیں گمان بھی نہ ہو

جو لوگ بری چالیں چل رہے ہیں؛ کیا وہ اس بات سے بے خوف ہیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں زمین میں دھنسا دے یا ان پر عذاب وہاں سے آجائے جہاں سے انہیں گمان بھی نہ ہو۔

اَوۡ يَاۡخُذَهُمۡ فِىۡ تَقَلُّبِهِمۡ فَمَا هُمۡ بِمُعۡجِزِيۡنَ ﴿٤٦﴾

اَوۡ یا يَاۡخُذَهُمۡ وہ انہیں پکڑ لے فِىۡ میں تَقَلُّبِهِمۡ ان کا چلنا پھرنا فَمَا هُمۡ کیونکہ وہ نہیں ہیں بِمُعۡجِزِيۡنَ عاجز کرنے والے

یا وہ انہیں چلتے پھرتے ہی گرفت میں لے لے، کیونکہ وہ لوگ اسے عاجز نہیں کر سکتے۔

اَوۡ يَاۡخُذَهُمۡ عَلٰى تَخَوُّفٍ‌ؕ فَاِنَّ رَبَّكُمۡ لَرَءُوۡفٌ رَّحِيۡمٌ (٤٧)

اَوۡ یا یَاۡخُذَهُمۡ وہ انہیں پکڑ لے عَلٰى پر تَخَوُّفٍ خوف زدہ کرنا فَاِنَّ لیکن بیشک رَبَّكُمۡ تمہارا رب لَرَءُوۡفٌ بڑا ہی مہربان رَّحِيۡمٌ نہایت رحم کرنے والا

یا وہ انہیں خوف زدہ کرتے ہوئے پکڑ لے۔ لیکن تمہارا رب بڑا ہی مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

اَوَ لَمۡ يَرَوۡا اِلٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنۡ شَىۡءٍ يَّتَفَيَّؤُا ظِلٰلُهٗ عَنِ الۡيَمِيۡنِ وَ الشَّمَآئِلِ سُجَّدًا لِّلّٰهِ وَهُمۡ دٰخِرُوۡنَ (٤٨)

اَوَ کیا لَمۡ يَرَوۡا انہوں نے دیکھا نہیں اِلٰى طرف مَا جو خَلَقَ پیدا کی ہے اللّٰهُ اللہ تعالیٰ نے مِنۡ شَىۡءٍ جو چیز بھی يَّتَفَيَّؤُا جھکے رہتے ہیں ظِلٰلُهٗ ان کے سائے عَنِ سے الۡيَمِيۡنِ دائیں وَالشَّمَآئِلِ اور بائیں سُجَّدًا سجدہ کرتے ہوئے لِّلّٰهِ اللہ تعالیٰ کو وَهُمۡ اور وہ دٰخِرُوۡنَ عاجزی کا اظہار کرنے والے

کیا ان لوگوں نے دیکھا نہیں کہ جو چیزیں بھی اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمائی ہیں ان کے سائے اللہ تعالیٰ کو سجدہ کرتے ہوئے دائیں اور بائیں جھکے رہتے ہیں اور وہ عاجزی کا اظہار کر رہے ہوتے ہیں۔

وَلِلّٰهِ يَسۡجُدُ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ مِنۡ دَآبَّةٍ وَّالۡمَلٰٓئِكَةُ وَهُمۡ لَا يَسۡتَكۡبِرُوۡنَ (٤٩)

وَلِلّٰهِ اور اللہ تعالیٰ کے لیے يَسۡجُدُ سجدہ کرتا ہے مَا جو کوئی بھی فِى میں السَّمٰوٰتِ آسمانوں وَمَا اور جو فِى الۡاَرۡضِ زمین میں مِنۡ سے دَآبَّةٍ جاندار وَّالۡمَلٰٓئِكَةُ اور فرشتے وَهُمۡ اور وہ لَا يَسۡتَكۡبِرُوۡنَ تکبر نہیں کرتے

النصف

آسمان وزمین میں جتنے بھی جاندار اور فرشتے ہیں؛ سب اللہ تعالیٰ کو ہی سجدہ کرتے ہیں اور وہ تکبر نہیں کرتے۔

يَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ (۵۰)

يَخَافُوْنَ وہ ڈرتے ہیں رَبَّهُمْ اپنے رب سے مِّنْ فَوْقِهِمْ بالا دست / ان کے اوپر وَيَفْعَلُوْنَ اور وہ کرتے ہیں مَا جو يُؤْمَرُوْنَ انہیں حکم دیا جاتا ہے

وہ اپنے بالا دست رب سے ڈرتے ہیں اور وہی کرتے ہیں جس کا انہیں حکم دیا جاتا ہے۔

وَقَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوْٓا اِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ ۚ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ (۵۱)

وَقَالَ اور فرمایا اللّٰهُ اللہ تعالیٰ نے لَا تَتَّخِذُوْٓا مت بناؤ اِلٰهَيْنِ دو معبود اثْنَيْنِ دو اِنَّمَا صرف هُوَ وہ اِلٰهٌ معبود وَّاحِدٌ واحد فَاِيَّايَ لہٰذا مجھ سے ہی فَارْهَبُوْنِ مجھ سے ڈرو

اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ دو دو معبود مت بناؤ۔ صرف وہی معبودِ واحد ہے۔ لہٰذا تم صرف مجھ سے ہی ڈرو۔

وَلَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَهُ الدِّيْنُ وَاصِبًا ۭ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَتَّقُوْنَ (۵۲)

وَلَهٗ اور اسی کا ہے مَا جو فِي السَّمٰوٰتِ آسمانوں میں وَالْاَرْضِ اور زمین وَلَهُ اور اسی کی الدِّيْنُ اطاعت وَاصِبًا لازم اَفَغَيْرَ اللّٰهِ کیا پھر بھی اللہ تعالیٰ کے سوا تَتَّقُوْنَ تم ڈرتے ہو

آسمان وزمین میں جو کچھ ہے، اسی کا ہے اور اسی کی اطاعت لازم ہے۔ کیا پھر بھی اللہ کے سوا کسی اور سے ڈرتے ہو؟

وَمَا بِكُمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ثُمَّ اِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَاِلَيْهِ تَجْـَٔرُوْنَ (۵۳)

وَمَا اور جو بھی بِكُمْ تمہارے پاس مِّنْ نِّعْمَةٍ کوئی نعمت فَمِنَ اللّٰهِ تو اللہ تعالیٰ کی

طرف سے ثُمَّ پھر اِذَا جب مَسَّكُمُ تمہیں پہنچتی ہے الضُّرُّ تکلیف فَاِلَيْهِ تو اسی سے تَجْـَٔرُوْنَ تم فریاد کرتے ہو

اور تمہارے پاس جو کوئی بھی نعمت ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ پھر جب تمہیں تکلیف پہنچتی ہے تو اسی سے فریاد کرتے ہو۔

ثُمَّ اِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنْكُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْكُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿٥٤﴾

ثُمَّ پھر اِذَا جب كَشَفَ دور کر دیتا ہے الضُّرَّ تکلیف عَنْكُمْ تم سے اِذَا فوراً ہی فَرِيْقٌ کچھ لوگ مِّنْكُمْ تم میں سے بِرَبِّهِمْ اپنے رب کے ساتھ يُشْرِكُوْنَ شرک کرنے لگتے ہیں

پھر جب وہ اس تکلیف کو تم سے دور کر دیتا ہے تو تم میں سے کچھ لوگ فوراً ہی اپنے رب کے ساتھ شرک کرنے لگتے ہیں......

لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۭ فَتَمَتَّعُوْا ۫ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿٥٥﴾

لِيَكْفُرُوْا نتیجۃً وہ ناشکری کرتے ہیں بِمَآ اس کی جو اٰتَيْنٰهُمْ ہم نے انہیں عطا کیں فَتَمَتَّعُوْا اچھا! چند دن عیش کر لو فَسَوْفَ پھر بہت جلد تَعْلَمُوْنَ تمہیں لگ پتہ جائے گا

نتیجۃً وہ ہماری عطا کردہ نعمتوں کی ناشکری کرتے ہیں۔ اچھا! چند دن عیش کر لو، بہت جلد تمہیں لگ پتہ جائے گا۔

وَيَجْعَلُوْنَ لِمَا لَا يَعْلَمُوْنَ نَصِيْبًا مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ ۭ تَاللّٰهِ لَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ ﴿٥٦﴾

وَ اور يَجْعَلُوْنَ وہ مقرر کرتے ہیں لِمَا ان کے لیے جو لَا يَعْلَمُوْنَ وہ جانتے تک نہیں نَصِيْبًا ایک حصہ مِّمَّا اس سے جو رَزَقْنٰهُمْ ہم نے انہیں دیا تَاللّٰهِ اللہ کی قسم لَتُسْـَٔلُنَّ تم سے لازماً پوچھ ہو گی عَمَّا اس کے بارے جو كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ تم جھوٹ گھڑا کرتے تھے

اور جن [معبودانِ باطلہ] کی حقیقت یہ جانتے تک نہیں، ان کا حصہ ہمارے دیے ہوئے رزق میں سے مقرر کرتے پھرتے ہیں۔ اللہ کی قسم! تم سے لازماً پوچھ ہو گی کہ تم کیا کچھ جھوٹ گھڑا کرتے تھے۔

وَ يَجۡعَلُوۡنَ لِلّٰهِ الۡبَنٰتِ سُبۡحٰنَهٗ‌ ۙ وَلَهُمۡ مَّا يَشۡتَهُوۡنَ ‏(۵۷)

وَيَجۡعَلُوۡنَ اور وہ تجویز کرتے ہیں لِلّٰهِ اللہ تعالیٰ کے لیے الۡبَنٰتِ بیٹیاں سُبۡحٰنَهٗ وہ پاک ہے / سبحان اللہ وَلَهُمۡ اور اپنے لیے مَّا جو يَشۡتَهُوۡنَ وہ چاہتے ہیں

اور یہ لوگ اللہ تعالیٰ کے لیے بیٹیاں تجویز کرتے ہیں؛ سبحان اللہ! اور اپنے لیے اپنی من چاہی چیز [بیٹے] چاہتے ہیں!

وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمۡ بِالۡاُنۡثٰى ظَلَّ وَجۡهُهٗ مُسۡوَدًّا وَّهُوَ كَظِيۡمٌ‌ ۚ‏ (۵۸)

وَاِذَا اور جب بُشِّرَ خوشخبری دی جائے اَحَدُهُمۡ ان میں سے کسی کو بِالۡاُنۡثٰى بیٹی کی ظَلَّ ہو جاتا ہے وَجۡهُهٗ اس کا چہرہ مُسۡوَدًّا سیاہ وَّهُوَ اور وہ كَظِيۡمٌ اندر ہی اندر کڑھنے والا

حالانکہ جب ان میں سے کسی کو بیٹی کی خوشخبری دی جائے تو اس کا چہرہ سیاہ پڑ جاتا ہے اور وہ اندر ہی اندر کڑھتا رہتا ہے۔

يَتَوَارٰى مِنَ الۡقَوۡمِ مِنۡ سُوۡٓءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ‌ ؕ اَيُمۡسِكُهٗ عَلٰى هُوۡنٍ اَمۡ يَدُسُّهٗ فِى التُّرَابِ‌ ؕ اَلَا سَآءَ مَا يَحۡكُمُوۡنَ‏ (۵۹)

يَتَوَارٰى چھپتا پھرتا ہے مِنَ سے الۡقَوۡمِ لوگ مِنۡ بسبب سُوۡٓءِ برائی مَا جو بُشِّرَ خوشخبری دی گئی بِهٖ اس کی اَيُمۡسِكُهٗ آیا کہ اس کو رہنے دے عَلٰى هُوۡنٍ ذلت کے ساتھ اَمۡ یا يَدُسُّهٗ اسے گاڑ دے فِى التُّرَابِ مٹی میں اَلَا ذرا دیکھو تو سَآءَ کتنا برا ہے مَا جو يَحۡكُمُوۡنَ وہ فیصلہ کر رہے ہیں

وہ اس خوشخبری کو برا سمجھ کر لوگوں سے چھپتا پھرتا ہے۔ [اور سوچنے لگتا ہے کہ] ذلت

کے ساتھ اس بیٹی کو اپنے پاس رہنے دے یا اسے مٹی میں گاڑ دے؟ ذرا دیکھو تو! کتنا برا فیصلہ ہے جو وہ کر رہے ہیں۔

لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ مَثَلُ السَّوْءِ ۚ وَ لِلّٰهِ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى ؕ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٦٠﴾

لِلَّذِيْنَ ان لوگوں کی جو لَا يُؤْمِنُوْنَ نہیں مانتے بِالْاٰخِرَةِ آخرت کو مَثَلُ حالت السَّوْءِ نہایت بری وَلِلّٰهِ اور اللہ تعالیٰ کی الْمَثَلُ شان الْاَعْلٰى بہت بلند وَهُوَ اور وہ الْعَزِيْزُ کامل غلبہ والا الْحَكِيْمُ بڑی حکمت والا

جو لوگ آخرت کو نہیں مانتے ان کی حالت نہایت بری ہے، اور بلند شان تو اللہ تعالیٰ کی ہی ہے اور وہ کامل غلبے والا، بڑی حکمت والا ہے۔

وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّ لَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿٦١﴾

وَلَوْ اور اگر يُؤَاخِذُ گرفت کرنے لگے اللّٰهُ اللہ تعالیٰ النَّاسَ لوگوں کی بِظُلْمِهِمْ ان کے ظلم کی وجہ سے مَّا تَرَكَ وہ نہ چھوڑے عَلَيْهَا اس پر مِنْ کوئی ایک بھی دَآبَّةٍ چلنے والا وَّلٰكِنْ اور لیکن يُّؤَخِّرُهُمْ وہ انہیں مہلت دیے رکھتا ہے اِلٰٓى تک اَجَلٍ ایک وقت مُّسَمًّى مقررہ فَاِذَا پھر جب جَآءَ آ جائے اَجَلُهُمْ ان کا مقررہ وقت لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ وہ پیچھے نہیں ہو سکتے سَاعَةً ایک گھڑی وَّ اور لَا يَسْتَقْدِمُوْنَ نہ آگے بڑھ سکتے ہیں

اور اگر اللہ تعالیٰ لوگوں کے ظلم کی وجہ سے [فوراً] ان کی گرفت کرنے لگے تو زمین پر کسی ایک چلنے والے کو بھی نہ چھوڑے۔ لیکن وہ انہیں ایک مقررہ وقت تک مہلت دیے رکھتا ہے، پھر جب ان کا مقررہ وقت آ جاتا ہے تو وہ اس سے ایک گھڑی بھر بھی

آگے پیچھے نہیں ہو سکتے۔

وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُوْنَ وَتَصِفُ اَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ اَنَّ لَهُمُ الْحُسْنٰى ؕ
لَا جَرَمَ اَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَاَنَّهُمْ مُّفْرَطُوْنَ (٦٢)

وَيَجْعَلُوْنَ اور وہ تجویز کرتے ہیں لِلّٰهِ اللہ تعالیٰ کے لیے مَا جو يَكْرَهُوْنَ وہ خود ناپسند کرتے ہیں وَتَصِفُ اور بیان کرتی ہیں اَلْسِنَتُهُمُ ان کی زبانیں الْكَذِبَ جھوٹا دعویٰ اَنَّ کہ لَهُمُ انہیں ملے گی الْحُسْنٰى بھلائی لَا جَرَمَ یقینی بات ہے اَنَّ کہ لَهُمُ انہیں ملے گی النَّارَ جہنم وَاَنَّهُمْ اور بیشک انہیں مُّفْرَطُوْنَ سب سے پہلے دھکیلا جائے گا

وہ اللہ تعالیٰ کے لیے ایسی چیز تجویز کرتے ہیں جسے وہ خود ناپسند کرتے ہیں اور ان کی زبانیں جھوٹا دعویٰ کرتی پھرتی ہیں کہ بھلائی انہیں ہی ملے گی۔ یہ بات یقینی ہے کہ انہیں جہنم ہی ملے گی اور انہیں سب سے پہلے دھکیلا جائے گا۔

تَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلْنَاۤ اِلٰۤى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَهُوَ
وَلِيُّهُمُ الْيَوْمَ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ (٦٣)

تَاللّٰهِ اللہ کی قسم لَقَدْ یقیناً اَرْسَلْنَاۤ ہم نے بھیجے تھے اِلٰۤى طرف اُمَمٍ مختلف امتیں مِّنْ قَبْلِكَ آپ سے پہلے فَزَيَّنَ پھر اچھے کر کے دکھائے لَهُمُ انہیں الشَّيْطٰنُ شیطان نے اَعْمَالَهُمْ ان کے اعمال فَهُوَ تو وہی وَلِيُّهُمُ ان کا رفیق الْيَوْمَ آج وَلَهُمْ اور ان کے لیے عَذَابٌ عذاب اَلِيْمٌ دردناک

اللہ کی قسم! ہم نے آپ سے پہلے بھی مختلف امتوں کی طرف رسول بھیجے تھے مگر شیطان نے ان قوموں کو ان کے برے اعمال اچھے کر کے دکھلائے، تو آج وہی ان کا رفیق ہے، اور ان سب کے لیے دردناک عذاب ہے۔

وَمَاۤ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِى اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۙ وَهُدًى وَّ
رَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ (٦٤)

وَ اور مَآ اَنۡزَلۡنَا ہم نے نازل نہیں کی عَلَيۡكَ آپ پر الۡكِتٰبَ یہ کتاب اِلَّا مگر لِتُبَيِّنَ

تاکہ آپ واضح طور پر بیان کر دیں لَهُمُ ان کے سامنے الَّذِى وہ جو اخۡتَلَفُوۡا انہوں

نے اختلاف کیا فِيۡهِ اس میں وَهُدًى اور ہدایت وَّرَحۡمَةً اور رحمت لِّقَوۡمٍ ان لوگوں

کے لیے جو يُّؤۡمِنُوۡنَ ایمان لاتے ہیں

اور ہم نے آپ پر یہ کتاب صرف اس لیے نازل کی ہے کہ آپ ان کے سامنے وہ بات واضح طور پر بیان فرما دیں جس میں وہ اختلاف کر رہے ہیں، اور یہ اہلِ ایمان کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

وَاللّٰهُ اَنۡزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحۡيَا بِهِ الۡاَرۡضَ بَعۡدَ مَوۡتِهَا ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوۡمٍ يَّسۡمَعُوۡنَ ﴿٦٥﴾

وَاللّٰهُ اور اللہ تعالیٰ نے اَنۡزَلَ اتارا مِنَ سے السَّمَآءِ آسمان مَآءً پانی فَاَحۡيَا پھر زندہ

کر دیا بِهِ اس کے ذریعے الۡاَرۡضَ زمین کو بَعۡدَ بعد مَوۡتِهَا اس کی موت اِنَّ بیشک فِىۡ

میں ذٰلِكَ اس لَاٰيَةً البتہ نشانی لِّقَوۡمٍ ان لوگوں کے لیے جو يَّسۡمَعُوۡنَ سنتے ہوں

اور اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی اتارا، پھر اس کے ذریعے زمین کو مردہ ہونے کے بعد زندہ کر دیا۔ یقیناً اس میں ان لوگوں کے لیے نشانی ہے جو [نصیحت] سنتے ہوں۔

وَاِنَّ لَكُمۡ فِى الۡاَنۡعَامِ لَعِبۡرَةً ؕ نُسۡقِيۡكُمۡ مِّمَّا فِىۡ بُطُوۡنِهٖ مِنۡۢ بَيۡنِ فَرۡثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيۡنَ ﴿٦٦﴾

وَاِنَّ اور بیشک لَكُمۡ تمہارے لیے فِى میں الۡاَنۡعَامِ مویشی لَعِبۡرَةً بڑا سبق نُسۡقِيۡكُمۡ

ہم تمہیں پلاتے ہیں مِّمَّا اس سے جو فِىۡ میں بُطُوۡنِهٖ ان کے پیٹ مِنۡ سے بَيۡنِ درمیان

فَرۡثٍ گوبر وَّدَمٍ اور خون لَّبَنًا دودھ خَالِصًا خالص سَآئِغًا فرحت بخش لِّلشّٰرِبِيۡنَ

پینے والوں کے لیے

اور یقیناً تمہارے لیے مویشیوں میں بھی بڑا سبق ہے۔ ہم تمہیں ان کے پیٹ کے اندی

کی چیزوں؛یعنی گوبر اور خون کے درمیان سے ایسا دودھ پلاتے ہیں جو خالص اور پینے والوں کے لیے فرحت بخش ہوتا ہے۔

وَ مِنْ ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ وَ الْاَعْنَابِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا وَّ رِزْقًا حَسَنًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ (٦٧)

وَ اور مِنْ سے ثَمَرٰتِ پھل [جمع] النَّخِيْلِ کھجور وَالْاَعْنَابِ اور انگور تَتَّخِذُوْنَ تم بنالیتے ہو مِنْهُ اس سے سَكَرًا نشہ آور چیز وَّرِزْقًا اور رزق حَسَنًا پاکیزہ اِنَّ بیشک فِيْ میں ذٰلِكَ اس لَاٰيَةً البتہ نشانی لِّقَوْمٍ ان لوگوں کے لیے جو يَّعْقِلُوْنَ عقل سے کام لیتے ہوں

اور کھجور اور انگور کے پھلوں سے بھی [ہم تمھیں رزق دیتے ہیں]، جن سے تم نشہ آور [گندی چیزیں] بھی بنالیتے ہو اور پاکیزہ رزق بھی۔ بلاشبہ اس میں ان لوگوں کے لیے نشانی ہے جو عقل سے کام لیتے ہوں۔

وَ اَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِيْ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا وَّ مِنَ الشَّجَرِ وَ مِمَّا يَعْرِشُوْنَ (٦٨)

وَاَوْحٰى اور دل میں ڈالا رَبُّكَ تمھارے رب نے اِلَى النَّحْلِ شہد کی مکھی کے اَنِ کہ اتَّخِذِيْ تُو بنا مِنَ میں الْجِبَالِ پہاڑ [جمع] بُيُوْتًا گھر [جمع] وَّ اور مِنَ میں الشَّجَرِ درخت وَمِمَّا اور اس میں جو يَعْرِشُوْنَ وہ اونچی اونچی عمارتیں بناتے ہیں

اور آپ کے رب نے شہد کی مکھی کے دل میں یہ بات ڈالی کہ پہاڑوں، درختوں اور لوگوں کی بنائی ہوئی اونچی اونچی عمارتوں میں اپنے گھر بنا۔

ثُمَّ كُلِيْ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ فَاسْلُكِيْ سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ؕ يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ (٦٩)

ثُمَّ پھر کُلِیۡ چوستی رہ مِنۡ سے کُلِّ الثَّمَرٰتِ ہر قسم کے پھل فَاسۡلُکِیۡ پھر چلتی رہ
سُبُلَ راہیں رَبِّكِ تیرے رب کی ذُلُلًا آسان کی ہوئی یَخۡرُجُ نکلتی ہے مِنۡ سے
بُطُوۡنِهَا اس کا پیٹ شَرَابٌ پینے کی ایک چیز مُّخۡتَلِفٌ مختلف اَلۡوَانُهٗ اس کے رنگ
فِیۡهِ اس میں شِفَآءٌ شفا لِّلنَّاسِ لوگوں کے لیے اِنَّ بیشک فِیۡ میں ذٰلِكَ اس لَاٰیَةً البتہ
نشانی لِّقَوۡمٍ ان لوگوں کے لیے جو یَّتَفَکَّرُوۡنَ غور وفکر کرتے ہیں

پھر ہر قسم کے پھلوں میں سے چوستی رہ اور اپنے رب کی آسان کی ہوئی راہوں میں چلتی رہ۔ ان کے پیٹ سے مختلف رنگوں والی پینے کی ایک چیز نکلتی ہے جس میں لوگوں کے لیے شفا ہے۔ یقیناً اس میں ان لوگوں کے لیے نشانی ہے جو غور وفکر کرتے ہیں۔

وَ اللّٰهُ خَلَقَكُمۡ ثُمَّ یَتَوَفّٰىكُمۡ ۙۚ وَ مِنۡكُمۡ مَّنۡ یُّرَدُّ اِلٰۤی اَرۡذَلِ الۡعُمُرِ لِكَیۡ لَا
یَعۡلَمَ بَعۡدَ عِلۡمٍ شَیۡـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِیۡمٌ قَدِیۡرٌ ﴿۷۰﴾

وَاللّٰهُ اور اللہ تعالیٰ خَلَقَكُمۡ تمہیں پیدا کیا ہے ثُمَّ پھر یَتَوَفّٰىكُمۡ وہ تمہیں موت
دے گا وَمِنۡكُمۡ اور تم میں سے کوئی مَّنۡ جو یُّرَدُّ پہنچا دیا جاتا ہے اِلٰۤی تک اَرۡذَلِ ناکارہ
ترین الۡعُمُرِ عمر لِكَیۡ تاکہ لَا یَعۡلَمَ وہ نہ جانے بَعۡدَ بعد عِلۡمٍ جاننے کے شَیۡـًٔا کچھ بھی
اِنَّ بیشک اللّٰهَ اللہ تعالیٰ عَلِیۡمٌ خوب علم والا قَدِیۡرٌ بڑی قدرت والا

اللہ تعالیٰ نے تمہیں پیدا کیا ہے، پھر وہی تمہیں موت دے گا۔ اور تم میں سے کسی کسی کو ناکارہ ترین عمر تک پہنچا جاتا ہے تاکہ وہ سب کچھ جاننے کے بعد کچھ بھی نہ جانے۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ خوب علم والا، بڑی قدرت والا ہے۔

وَ اللّٰهُ فَضَّلَ بَعۡضَكُمۡ عَلٰی بَعۡضٍ فِی الرِّزۡقِ ۚ فَمَا الَّذِیۡنَ فُضِّلُوۡا بِرَآدِّیۡ
رِزۡقِهِمۡ عَلٰی مَا مَلَكَتۡ اَیۡمَانُهُمۡ فَهُمۡ فِیۡهِ سَوَآءٌ ؕ اَفَبِنِعۡمَةِ اللّٰهِ یَجۡحَدُوۡنَ
﴿۷۱﴾

وَاللّٰهُ اور اللہ تعالیٰ فَضَّلَ فضیلت دے رکھی ہے بَعۡضَكُمۡ تم میں سے کچھ کو عَلٰی پر

بَعۡضٍ دوسرے فِي میں الرِّزۡقِ رزق فَمَا تو نہیں ہیں الَّذِيۡنَ وہ لوگ جنہیں فُضِّلُوۡا فضیلت دی گئی ہے بِرَآدِّيۡ دے دینے والے رِزۡقِهِمۡ اپنا رزق عَلٰى کو مَا وہ جن کو مَلَكَتۡ مالک ہوئے اَيۡمَانُهُمۡ ان کے ہاتھ فَهُمۡ کہ وہ فِيۡهِ اس میں سَوَآءٌ برابر ہو جائیں اَفَبِنِعۡمَةِ تو کیا نعمت کا اللّٰهِ اللہ تعالیٰ کی يَجۡحَدُوۡنَ وہ انکار کرتے ہیں

اور اللہ تعالیٰ نے تم لوگوں کو ایک دوسرے پر رزق میں فضیلت دے رکھی ہے، تو جن لوگوں کو فضیلت دی گئی ہے وہ اپنا رزق اپنے غلاموں کو کبھی اس طرح نہیں دیتے کہ وہ اس معاملے میں ان کے برابر ہو جائیں۔ تو کیا اللہ تعالیٰ کی نعمت کا ہی انکار کرتے ہیں؟

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمۡ مِّنۡ اَنۡفُسِكُمۡ اَزۡوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمۡ مِّنۡ اَزۡوَاجِكُمۡ بَنِيۡنَ وَحَفَدَةً وَّرَزَقَكُمۡ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ؕ اَفَبِالۡبَاطِلِ يُؤۡمِنُوۡنَ وَبِنِعۡمَتِ اللّٰهِ هُمۡ يَكۡفُرُوۡنَ ‏(۷۲)

وَاللّٰهُ اور اللہ تعالیٰ نے جَعَلَ بنائیں لَكُمۡ تمہارے لیے مِّنۡ سے اَنۡفُسِكُمۡ تمہی اَزۡوَاجًا بیویاں وَّجَعَلَ اور پیدا فرمائے لَكُمۡ تمہارے لیے مِّنۡ سے اَزۡوَاجِكُمۡ تمہاری بیویاں بَنِيۡنَ بیٹے وَحَفَدَةً اور پوتے وَّرَزَقَكُمۡ اور تمہیں رزق عطا کیا مِّنَ سے الطَّيِّبٰتِ عمدہ چیزیں اَفَبِالۡبَاطِلِ تو کیا باطل کو يُؤۡمِنُوۡنَ وہ مانیں گے وَ اور بِنِعۡمَةِ نعمت کی اللّٰهِ اللہ تعالیٰ کی هُمۡ وہ يَكۡفُرُوۡنَ انکار کرتے رہیں گے

اور اللہ تعالیٰ نے تمہی میں سے ہی تمہارے لیے بیویاں بنائیں اور تمہاری بیویوں سے تمہارے لیے بیٹے اور پوتے پیدا فرمائے اور تمہیں عمدہ چیزوں سے رزق عطا کیا۔ کیا پھر بھی وہ باطل کو مانیں گے اور اللہ تعالیٰ کی نعمت کی ناشکری ہی کرتے رہیں گے؟

وَيَعۡبُدُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمۡلِكُ لَهُمۡ رِزۡقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ شَيۡـًٔـا وَّلَا يَسۡتَطِيۡعُوۡنَ ‏(۷۳)

وَيَعۡبُدُوۡنَ اور وہ پوجا کرتے ہیں مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر مَا جو لَا يَمۡلِكُ

اختیار نہیں رکھتے لَهُمْ ان کے لیے رِزْقًا رزق مِّنَ سے السَّمٰوٰتِ آسمانوں وَالْاَرْضِ اور زمین شَيْـًٔا کچھ بھی وَّ اور لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نہ وہ رکھ سکتے ہیں

اور وہ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر ان کی پوجا کرتے ہیں جو آسمان و زمین میں سے انہیں رزق دینے کا کوئی اختیار نہیں رکھتے اور نہ ہی رکھ سکتے ہیں۔

فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ وَ اَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ (٧٤)

فَلَا تَضْرِبُوْا لہٰذا تم نہ گھڑا کرو لِلّٰهِ اللہ تعالیٰ کے لیے الْاَمْثَالَ مثالیں اِنَّ بیشک اللّٰهَ اللہ تعالیٰ يَعْلَمُ جانتا ہے وَاَنْتُمْ اور تم لَا تَعْلَمُوْنَ نہیں جانتے

لہٰذا تم اللہ تعالیٰ کے لیے مثالیں نہ گھڑا کرو، اللہ تعالیٰ سب جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوْكًا لَّا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ وَّ مَنْ رَّزَقْنٰهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ سِرًّا وَّ جَهْرًا ؕ هَلْ يَسْتَوٗنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ (٧٥)

ضَرَبَ بیان فرمائی اللّٰهُ اللہ تعالیٰ نے مَثَلًا ایک مثال عَبْدًا ایک غلام مَّمْلُوْكًا مملوک لَّا يَقْدِرُ جو اختیار نہیں رکھتا عَلٰى پر شَيْءٍ کسی چیز وَّمَنْ اور وہ جو رَّزَقْنٰهُ ہم نے اسے عطا کیا مِنَّا اپنی طرف سے رِزْقًا رزق حَسَنًا اچھا فَهُوَ تو وہ يُنْفِقُ خرچ کرتا ہے مِنْهُ اس میں سے سِرًّا کبھی پوشیدہ وَّجَهْرًا اور کبھی علانیہ هَلْ کیا يَسْتَوٗنَ وہ برابر ہو سکتے ہیں اَلْحَمْدُ تمام تعریفیں لِلّٰهِ اللہ تعالیٰ کے لیے بَلْ بلکہ اَكْثَرُهُمْ ان میں سے اکثر لَا يَعْلَمُوْنَ نہیں جانتے

اللہ تعالیٰ نے ایک مثال بیان فرمائی؛ ایک مملوک غلام ہے جسے کسی چیز پر اختیار نہیں اور ایک وہ [آزاد و خود مختار] شخص ہے جسے ہم نے اپنے پاس سے اچھا رزق عطا کیا، تو وہ اس میں سے کبھی پوشیدہ اور کبھی اعلانیہ خرچ کرتا رہتا ہے؛ کیا یہ برابر ہو سکتے ہیں؟ سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کی ہیں۔ لیکن بات یہ ہے کہ ان میں اکثر لوگ [اس سیدھی

سادی بات کو بھی] نہیں جانتے۔

وَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيۡنِ اَحَدُهُمَاۤ اَبۡكَمُ لَا يَقۡدِرُ عَلٰى شَىۡءٍ وَّ هُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوۡلٰٮهُۙ اَيۡنَمَا يُوَجِّههُّ لَا يَاۡتِ بِخَيۡرٍ‌ؕ هَلۡ يَسۡتَوِىۡ هُوَ ۙ وَمَنۡ يَّاۡمُرُ بِالۡعَدۡلِ‌ۙ وَهُوَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ (۷۶)

وَضَرَبَ اور بیان فرمائی اللّٰهُ اللہ تعالیٰ نے مَثَلًا ایک مثال رَّجُلَيۡنِ دو آدمی اَحَدُهُمَاۤ ان میں سے ایک اَبۡكَمُ گونگا لَا يَقۡدِرُ وہ نہیں کر سکتا / اختیار نہیں رکھتا عَلٰى شَىۡءٍ کچھ بھی وَّهُوَ اور وہ كَلٌّ بوجھ عَلٰى پر مَوۡلٰٮهُ اپنا آقا اَيۡنَمَا جہاں بھی يُوَجِّههُّ وہ اسے بھیجتا ہے لَا يَاۡتِ وہ نہیں آیا بِخَيۡرٍ کوئی سیدھا کام کر کے هَلۡ کیا يَسۡتَوِىۡ برابر ہو سکتے ہیں هُوَ وہ گونگا وَمَنۡ اور جو يَّاۡمُرُ فیصلے کرتا ہے بِالۡعَدۡلِ عدل کے وَهُوَ اور وہ عَلٰى پر صِرَاطٍ راہ مُّسۡتَقِيۡمٍ سیدھی

اللہ تعالیٰ نے ایک اور مثال بیان فرمائی؛ دو آدمی ہیں، ان میں سے ایک گونگا ہے جو کچھ بھی نہیں کر سکتا اور اپنے آقا پر بوجھ بنا ہوا ہے۔ وہ اسے جہاں بھی بھیجتا ہے، یہ کوئی سیدھا کام کر کے نہیں آتا۔ کیا یہ گونگا اور ایسا شخص آپس میں برابر ہو سکتے ہیں جو عدل کے فیصلے کرتا ہو اور خود بھی سیدھی راہ پر ہو؟!

وَلِلّٰهِ غَيۡبُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ‌ؕ وَمَاۤ اَمۡرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمۡحِ الۡبَصَرِ اَوۡ هُوَ اَقۡرَبُ‌ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ (۷۷)

وَلِلّٰهِ اور اللہ تعالیٰ کے پاس ہیں غَيۡبُ بھید السَّمٰوٰتِ آسمان [جمع] وَالۡاَرۡضِ اور زمین وَمَاۤ اور نہیں اَمۡرُ معاملہ السَّاعَةِ قیامت اِلَّا مگر كَلَمۡحِ جیسے جھپکنا الۡبَصَرِ آنکھ اَوۡ یا هُوَ وہ اَقۡرَبُ اس سے بھی زیادہ قریب اِنَّ بیشک اللّٰهَ اللہ تعالیٰ عَلٰى پر كُلِّ ہر شَىۡءٍ شے قَدِيۡرٌ پورا پورا قادر

آسمان و زمین کے بھید اللہ تعالیٰ ہی کے پاس ہیں۔ اور قیامت کا معاملہ تو بس ایسا ہی ہے

جیسے آنکھ کا جھپکنا یا اس سے بھی قریب تر! یقیناً اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پورا پورا قادر ہے۔

وَ اللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَیْــٴًـاۙ وَّ جَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَ الْاَبْصَارَ وَ الْاَفْـٕدَةَۙ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ (۷۸)

وَاللّٰهُ اور اللہ تعالیٰ نے اَخْرَجَكُمْ تمہیں نکالا مِّنْ سے بُطُوْنِ پیٹ [جمع] اُمَّهٰتِكُمْ تمہاری مائیں لَا تَعْلَمُوْنَ تم نہ جانتے تھے شَیْــٴًـا کچھ بھی وَّجَعَلَ اور اس نے بنائے لَكُمُ تمہارے لیے السَّمْعَ کان وَالْاَبْصَارَ اور آنکھیں وَالْاَفْـٕدَةَ اور دل [جمع] لَعَلَّكُمْ تاکہ تم تَشْكُرُوْنَ شکر گزار بنو

اور اللہ تعالیٰ نے تمہیں تمہاری ماؤں کے پیٹوں سے یوں نکالا کہ تم کچھ بھی نہ جانتے تھے اور اس نے تمہارے لیے کان، آنکھیں اور دل بنائے تاکہ تم شکر گزار بنو۔

اَلَمْ یَرَوْا اِلَى الطَّیْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِیْ جَوِّ السَّمَآءِؕ مَا یُمْسِكُهُنَّ اِلَّا اللّٰهُؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ (۷۹)

اَلَمْ یَرَوْا کیا انہوں نے نہیں دیکھا اِلَى طرف الطَّیْرِ پرندہ مُسَخَّرٰتٍ مسخر فِیْ میں جَوِّ فضا السَّمَآءِ آسمان کی مَا یُمْسِكُهُنَّ انہیں تھاما ہوا نہیں اِلَّا سوائے اللّٰهُ اللہ تعالیٰ اِنَّ بیشک فِیْ میں ذٰلِكَ اس لَاٰیٰتٍ البتہ نشانیاں لِّقَوْمٍ ان لوگوں کے لیے جو یُّؤْمِنُوْنَ مانتے ہیں

کیا انہوں نے پرندوں کو نہیں دیکھا کہ وہ فضائے آسمانی میں کیسے مسخر ہیں؟ انہیں اللہ تعالیٰ کے سوا کسی نے نہیں تھاما ہوا۔ یقیناً اس میں ماننے والے لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں۔

وَ اللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْۢ بُیُوْتِكُمْ سَكَنًا وَّ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ بُیُوْتًا تَسْتَخِفُّوْنَهَا یَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَ یَوْمَ اِقَامَتِكُمْۙ وَ مِنْ اَصْوَافِهَا وَ اَوْبَارِهَا وَ اَشْعَارِهَاۤ اَثَاثًا وَّ مَتَاعًا اِلٰى حِیْنٍ (۸۰)

وَاللّٰهُ اور اللہ تعالیٰ نے جَعَلَ بنائی لَكُمْ تمہارے لیے مِّنْ سے بُيُوْتِكُمْ تمہارے گھر
سَكَنًا رہنے کی جگہ وَّجَعَلَ اور بنائے لَكُمْ تمہارے لیے مِّنْ سے جُلُوْدِ کھالیں
الْاَنْعَامِ جانور [جمع] بُيُوْتًا گھر [جمع] تَسْتَخِفُّوْنَهَا تم انہیں ہلکا محسوس کرتے ہو
يَوْمَ دن ظَعْنِكُمْ تمارا سفر / تمہارا کوچ وَيَوْمَ اور دن اِقَامَتِكُمْ تمہارا قیام وَ اور
مِنْ سے اَصْوَافِهَا ان کی اون وَاَوْبَارِهَا اور ان کی پشم وَاَشْعَارِهَآ اور ان کے بال
اَثَاثًا سامان وَّمَتَاعًا اور استعمال کی چیزیں اِلٰى حِيْنٍ ایک مدت تک

اور اللہ تعالیٰ نے تمہارے گھروں میں تمہارے رہنے کی جگہ بنائی اور تمہارے لیے جانوروں کی کھالوں کے گھر بنائے جو تمہیں سفر کرنے اور قیام کرنے کے دنوں میں ہلکے محسوس ہوتے ہیں۔ اور بھیڑوں کی اون، اونٹوں کی پشم اور بکریوں کے بالوں سے گھریلو سامان اور استعمال کی چیزیں بنائیں جو ایک مدت تک کام آتی ہیں۔

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا وَّ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْجِبَالِ اَكْنَانًا وَّ جَعَلَ
لَكُمْ سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَ سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ بَاْسَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ يُتِمُّ
نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ (۸۱)

وَاللّٰهُ اور اللہ تعالیٰ نے جَعَلَ بنائے لَكُمْ تمہارے لیے مِّمَّا اس سے جو خَلَقَ اس نے
پیدا کیا ظِلٰلًا سائے وَّجَعَلَ اور بنائیں لَكُمْ تمہارے لیے مِّنَ سے الْجِبَالِ پہاڑ [جمع]
اَكْنَانًا پناہ گاہیں وَّجَعَلَ اور بنائے لَكُمْ تمہارے لیے سَرَابِيْلَ کرتے تَقِيْكُمْ
تمہیں بچاتے ہیں الْحَرَّ گرمی سے وَسَرَابِيْلَ اور کرتے تَقِيْكُمْ تمہیں بچاتے ہیں
بَاْسَكُمْ تمہاری لڑائی سے كَذٰلِكَ اسی طرح يُتِمُّ وہ مکمل کرتا ہے نِعْمَتَهٗ اپنی نعمت
عَلَيْكُمْ تم پر لَعَلَّكُمْ تاکہ تم تُسْلِمُوْنَ فرمانبردار بنو

اور اللہ تعالیٰ نے اپنی پیدا کردہ کچھ چیزوں کے تمہارے لیے سائے بنائے اور تمہارے لیے پہاڑوں میں پناہ گاہیں بنائیں اور تمہارے لیے ایسے کرتے بنائے جو تمہیں گرمی

سے بچاتے ہیں اور ایسے کرتے بھی بنائے جو تمہاری جنگ میں تمہاری حفاظت کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اسی طرح تم پر اپنی نعمت پوری فرماتا ہے تاکہ تم فرمانبردار بنو۔

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ (۸۲)

فَاِنْ پھر اگر تَوَلَّوْا وہ اعراض کریں فَاِنَّمَا تو فقط عَلَيْكَ آپ کے ذمے الْبَلٰغُ پہنچا دینا الْمُبِيْنُ واضح طور پر

اب بھی اگر یہ لوگ اعراض کریں تو آپ کے ذمے تو صرف واضح طور پر پہنچا دینا ہے۔

يَعْرِفُوْنَ نِعْمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ يُنْكِرُوْنَهَا وَاَكْثَرُهُمُ الْكٰفِرُوْنَ (۸۳)

يَعْرِفُوْنَ وہ پہچانتے ہیں نِعْمَتَ نعمت اللّٰهِ اللہ تعالیٰ ثُمَّ پھر يُنْكِرُوْنَهَا اس کا انکار کر دیتے ہیں وَاَكْثَرُهُمُ اور ان میں سے اکثر الْكٰفِرُوْنَ ناشکرے

یہ لوگ اللہ تعالیٰ کی نعمت کو پہچانتے ہیں، پھر اس کا انکار کر دیتے ہیں اور ان میں سے اکثر ناشکرے ہیں۔

وَيَوْمَ نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ (۸۴)

وَيَوْمَ اور جس دن نَبْعَثُ ہم کھڑا کریں گے مِنْ سے كُلِّ ہر اُمَّةٍ امت شَهِيْدًا ایک گواہ ثُمَّ پھر لَا يُؤْذَنُ اجازت نہ دی جائے گی لِلَّذِيْنَ ان لوگوں کو كَفَرُوْا جنہوں نے کفر کیا وَ اور لَا هُمْ نہ ان سے يُسْتَعْتَبُوْنَ راضی کرنے کا مطالبہ کیا جائے گا

اور ڈرو اس دن سے جب ہم ہر امت سے ایک گواہ کھڑا کریں گے، پھر کافروں کو [عذر پیش کرنے کی] اجازت نہ دی جائے گی اور نہ ہی ان سے [اللہ تعالیٰ کو] راضی کرنے کا مطالبہ کیا جائے گا۔

وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الْعَذَابَ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ (۸۵)

وَاِذَا اور جب رَاَ دیکھ لیں گے الَّذِيْنَ وہ لوگ جنہوں نے ظَلَمُوا ظلم کیا الْعَذَابَ

عذاب فَلَا يُخَفَّفُ تو پھر ہلکا نہ کیا جائے گا عَنْهُمْ ان سے وَلَا اور نہ هُمْ انہیں
يُنْظَرُوْنَ مہلت دی جائے گی

اور جب ظالم لوگ عذاب کو دیکھ لیں گے تو بعد ازاں نہ تو ان سے ہلکا کیا جائے گا اور نہ
ہی انہیں مہلت دی جائے گی۔

وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا شُرَكَآءَهُمْ قَالُوْا رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ شُرَكَآؤُنَا الَّذِيْنَ كُنَّا
نَدْعُوْا مِنْ دُوْنِكَ ۚ فَاَلْقَوْا اِلَيْهِمُ الْقَوْلَ اِنَّكُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿٨٦﴾

وَاِذَا اور جب رَاَ دیکھیں گے الَّذِيْنَ وہ لوگ اَشْرَكُوْا جنہوں نے شرک کیا
شُرَكَآءَهُمْ اپنے شریکوں کو قَالُوْا وہ کہیں گے رَبَّنَا اے ہمارے رب هٰٓؤُلَآءِ یہ ہیں
شُرَكَآؤُنَا ہمارے شریک الَّذِيْنَ وہ جنہیں كُنَّا نَدْعُوْا ہم پکارا کرتے تھے مِنْ
دُوْنِكَ آپ کو چھوڑ کر فَاَلْقَوْا پھر وہ پلٹائیں گے / ڈالیں گے اِلَيْهِمُ ان کی طرف
الْقَوْلَ بات اِنَّكُمْ بیشک تم لَكٰذِبُوْنَ بالکل جھوٹے

اور جب مشرکین اپنے ٹھہرائے ہوئے شریکوں کو دیکھیں گے تو کہیں گے کہ اے
ہمارے رب! یہ ہمارے وہ شریک ہیں جنہیں ہم آپ کو چھوڑ کر پکارا کرتے تھے۔ تب
وہ شریک ان پر بات پلٹتے ہوئے کہیں گے کہ تم بالکل جھوٹے ہو۔

وَاَلْقَوْا اِلَى اللّٰهِ يَوْمَئِذِ ِۨالسَّلَمَ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿٨٧﴾

وَاَلْقَوْا اور وہ ڈالیں گے / ظاہر کرنے لگیں گے اِلَى سامنے اللّٰهِ اللہ تعالیٰ يَوْمَئِذٍ اس
دن السَّلَمَ فرمانبرداری وَضَلَّ اور جاتا رہے گا عَنْهُمْ ان سے مَّا جو كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ
وہ بہتان باندھا کرتے تھے

اور اس دن وہ سب اللہ تعالیٰ کے حضور فرمانبرداری ظاہر کرنے لگیں گے اور جو کچھ وہ
بہتان باندھا کرتے تھے، وہ سب ان سے جاتا رہے گا۔

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ بِمَا

كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ ﴿٨٨﴾

اَلَّذِيْنَ وہ لوگ جنہوں نے كَفَرُوْا کفر کیا وَصَدُّوْا اور روکتے رہے عَنْ سے سَبِيْلِ راہ اللّٰهِ اللہ تعالیٰ زِدْنٰهُمْ ہم ان پر بڑھا دیں گے عَذَابًا عذاب فَوْقَ پر الْعَذَابِ عذاب بِمَا کیونکہ كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ وہ فساد مچایا کرتے تھے

جن لوگوں نے کفر کیا اور اللہ کی راہ سے روکتے رہے، ہم ان کے عذاب پر عذاب بڑھاتے رہیں گے کیونکہ وہ فساد مچایا کرتے تھے۔

وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ ؕ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿٨٩﴾

وَيَوْمَ اور جس دن نَبْعَثُ ہم کھڑا کریں گے فِيْ میں كُلِّ اُمَّةٍ ہر امت شَهِيْدًا ایک گواہ عَلَيْهِمْ ان کے خلاف مِّنْ اَنْفُسِهِمْ انہی میں سے وَجِئْنَا اور ہم لائیں گے بِكَ آپ کو شَهِيْدًا گواہ عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ ان سب پر وَنَزَّلْنَا اور ہم نے نازل کی عَلَيْكَ آپ پر الْكِتٰبَ یہ کتاب تِبْيَانًا کھول کر بیان کرنے والی لِّكُلِّ شَيْءٍ ہر شے کو وَّهُدًى اور ہدایت وَّرَحْمَةً اور رحمت وَّبُشْرٰى اور خوشخبری لِلْمُسْلِمِيْنَ فرمانبرداروں کے لیے

اور یاد رکھو اس دن کو جب ہم ہر امت کے خلاف انہی میں سے ایک گواہ کھڑا کریں گے اور پھر ہم ان سب پر آپ کو گواہ بنا کر لائیں گے۔ اور ہم نے آپ پر کتاب نازل کی ہے جو ہر چیز کو کھول کر بیان کرنے والی ہے اور فرمانبرداروں کے لیے ہدایت، رحمت اور خوشخبری ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآئِ ذِي الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿٩٠﴾

اِنَّ بیشک اللّٰهَ اللہ تعالیٰ يَاْمُرُ حکم دیتا ہے بِالْعَدْلِ عدل کا وَالْاِحْسَانِ اور احسان

الثلاثۃ

وَاِيْتَآئِ اور دینے کا ذِی الْقُرْبٰى قرابت دار وَيَنْهٰى اور منع کرتا ہے عَنِ سے الْفَحْشَآءِ بے حیائی وَالْمُنْكَرِ اور بدی وَالْبَغْيِ اور سرکشی يَعِظُكُمْ وہ تمہیں نصیحت کرتا ہے لَعَلَّكُمْ تاکہ تم تَذَكَّرُوْنَ دھیان کرو

بلاشبہ اللہ تعالیٰ عدل و احسان کا اور قرابت داروں کو دینے کا حکم دیتا ہے اور بے حیائی، بدی اور سرکشی سے منع کرتا ہے۔ وہ تمہیں نصیحت فرماتا ہے تاکہ تم دھیان کرو۔

وَ اَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا عٰهَدْتُّمْ وَ لَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا وَ قَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ كَفِيْلًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ (٩١)

وَاَوْفُوْا اور پورا کرو بِعَهْدِ اللّٰهِ اللہ تعالیٰ کے عہد کو اِذَا جب کہ عٰهَدْتُّمْ تم عہد کر چکے ہو وَ اور لَا تَنْقُضُوا اور توڑا نہ کرو الْاَيْمَانَ قسمیں بَعْدَ بعد تَوْكِيْدِهَا ان کو پختہ کرنا وَ حالانکہ قَدْ جَعَلْتُمُ تم بنا چکے ہو اللّٰهَ اللہ تعالیٰ کو عَلَيْكُمْ اپنے اوپر كَفِيْلًا ضامن اِنَّ بیشک اللّٰهَ اللہ تعالیٰ يَعْلَمُ جانتا ہے مَا تَفْعَلُوْنَ جو کچھ تم کرتے ہو

اور اللہ تعالیٰ کے عہد کو پورا کرو جب کہ تم عہد کر چکے ہو اور اپنی قسموں کو پکا کرنے کے بعد توڑا نہ کرو حالانکہ تم اللہ تعالیٰ کو اپنے اوپر ضامن بنا چکے ہو۔ بیشک اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔

وَ لَا تَكُوْنُوْا كَالَّتِيْ نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ اَنْكَاثًا ؕ تَتَّخِذُوْنَ اَيْمَانَكُمْ دَخَلًۢا بَيْنَكُمْ اَنْ تَكُوْنَ اُمَّةٌ هِيَ اَرْبٰى مِنْ اُمَّةٍ ؕ اِنَّمَا يَبْلُوْكُمُ اللّٰهُ بِهٖ ؕ وَ لَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ (٩٢)

وَ اور لَا تَكُوْنُوْا تم نہ بن جانا كَالَّتِيْ اس عورت کی طرح نَقَضَتْ جس نے نوچ ڈالا تھا غَزْلَهَا اپنا سوت مِنْۢ بَعْدِ بعد قُوَّةٍ مضبوطی اَنْكَاثًا تار تار کرکے / ٹکڑے ٹکڑے کرکے تَتَّخِذُوْنَ تم بنانے لگو اَيْمَانَكُمْ اپنی قسموں کو دَخَلًۢا دخل اندازی / فساد کا ذریعہ بَيْنَكُمْ باہمی اَنْ تاکہ تَكُوْنَ ہو جائے اُمَّةٌ ایک گروہ هِيَ وہ اَرْبٰى زیادہ فائدہ

سمیٹنے والا مِنۡ سے اُمَّةٍ دوسرا گروہ اِنَّمَا دراصل يَبۡلُوۡكُمُ تمہیں آزماتا ہے اللّٰهُ اللہ تعالیٰ بِهٖ اس کے ذریعے وَلَيُبَيِّنَنَّ اور وہ ضرور واضح کر دے گا لَكُمۡ تمہارے سامنے يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ قیامت کے دن مَا جو كُنۡتُمۡ تم تھے فِيۡهِ اس میں تَخۡتَلِفُوۡنَ اختلاف کیا کرتے تھے

جس عورت نے اپنے مضبوطی سے کاتے ہوئے سُوت کو تار تار کر کے نوچ ڈالا تھا؛ تم اس جیسے نہ بن جانا کہ کہیں اپنی قسموں کو باہمی فساد کا ذریعہ بنانے لگو اس غرض سے کہ ایک گروہ دوسرے کی نسبت زیادہ فائدہ سمیٹنے لگے۔ دراصل اللہ تعالیٰ تمہیں اس کے ذریعے آزماتا ہے۔ اور یہ بات یقینی ہے کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ تمہارے سامنے ان چیزوں کو واضح فرمادے گا جن میں تم اختلاف کیا کرتے تھے۔

وَلَوۡ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمۡ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنۡ يُّضِلُّ مَنۡ يَّشَآءُ وَيَهۡدِىۡ مَنۡ يَّشَآءُ‌ؕ وَلَتُسۡـئَلُنَّ عَمَّا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۹۳﴾

وَلَوۡ اور اگر شَآءَ چاہتا اللّٰهُ اللہ تعالیٰ لَجَعَلَكُمۡ تو تمہیں بنا دیتا اُمَّةً امت وَّاحِدَةً ایک ہی وَّلٰكِنۡ اور لیکن يُّضِلُّ وہ گمراہ کرتا ہے مَنۡ جسے يَّشَآءُ وہ چاہے وَ اور يَهۡدِىۡ ہدایت عطا فرما دیتا ہے مَنۡ جسے يَّشَآءُ وہ چاہے وَلَتُسۡـئَلُنَّ اور تم سے ضرور پوچھا جائیگا عَمَّا اس کے بارے میں كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ تم کرتے رہے ہو

اور اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو تم سب کو ایک ہی امت بنا دیتا لیکن وہ جسے چاہے گمراہ کر دیتا ہے اور جسے چاہے ہدایت عطا فرما دیتا ہے۔ اور تم جو کچھ کرتے رہے ہو، اس کے بارے میں تم سب سے لازماً باز پرس کی جائے گی۔

وَلَا تَتَّخِذُوۡۤا اَيۡمَانَكُمۡ دَخَلًاۢ بَيۡنَكُمۡ فَتَزِلَّ قَدَمٌۢ بَعۡدَ ثُبُوۡتِهَا وَتَذُوۡقُوا السُّوۡۤءَ بِمَا صَدَدۡتُّمۡ عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ‌ۚ وَلَكُمۡ عَذَابٌ عَظِيۡمٌ ﴿۹۴﴾

وَ اور لَا تَتَّخِذُوۡۤا تم نہ بناؤ اَيۡمَانَكُمۡ اپنی قسموں کو دَخَلًاۢ فساد کا ذریعہ بَيۡنَكُمۡ باہمی

فَتَزِلَّ کہیں پھسل نہ جائے قَدَمٌ کوئی قدم بَعۡدَ بعد ثُبُوۡتِهَا اس کا جم جانا وَتَذُوۡقُوا
اور تم چکھو السُّوۡٓءَ بری سزا بِمَا اس لیے کہ صَدَدۡتُّمۡ تم نے روکا عَنۡ سے سَبِيۡلِ
اللّٰهِ اللہ کی راہ وَلَكُمۡ اور تمہارے لیے عَذَابٌ عذاب عَظِيۡمٌ بڑا

اور اپنی قسموں کو باہمی فساد کا ذریعہ نہ بناؤ کہیں ایسا نہ ہو کہ کوئی قدم؛ جم جانے کے بعد لڑکھڑا جائے اور تم اللہ تعالیٰ کی راہ سے روکنے کی پاداش میں بری سزا کا مزہ چکھو اور تمہارے لیے بڑا عذاب ہو۔

وَلَا تَشۡتَرُوۡا بِعَهۡدِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيۡلًا ؕ اِنَّمَا عِنۡدَ اللّٰهِ هُوَ خَيۡرٌ لَّكُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ (٩٥)

وَ اور لَا تَشۡتَرُوۡا مت بیچا کرو بِعَهۡدِ اللّٰهِ اللہ تعالیٰ کے عہد کو ثَمَنًا عوض / قیمت
قَلِيۡلًا حقیر اِنَّمَا درحقیقت جو عِنۡدَ اللّٰهِ اللہ تعالیٰ کے پاس هُوَ وہ خَيۡرٌ کہیں بہتر لَّكُمۡ
تمہارے لیے اِنۡ اگر كُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ تم سمجھو

اور اللہ تعالیٰ کے عہد کو حقیر سے عوض میں مت بیچا کرو۔ درحقیقت جو کچھ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے وہ تمہارے لیے کہیں بہتر ہے؛ اگر تم سمجھو تو!

مَا عِنۡدَكُمۡ يَنۡفَدُ وَمَا عِنۡدَ اللّٰهِ بَاقٍ ؕ وَلَنَجۡزِيَنَّ الَّذِيۡنَ صَبَرُوۡۤا اَجۡرَهُمۡ بِاَحۡسَنِ مَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ (٩٦)

مَا جو عِنۡدَكُمۡ تمہارے پاس يَنۡفَدُ وہ ختم ہو جائے گا وَمَا اور جو عِنۡدَ اللّٰهِ اللہ تعالیٰ
کے پاس بَاقٍ باقی رہنے والا وَلَنَجۡزِيَنَّ اور ہم لازماً دیں گے الَّذِيۡنَ ان لوگوں کو
جنہوں نے صَبَرُوۡۤا صبر کیا اَجۡرَهُمۡ ان کا اجر بِاَحۡسَنِ بہترین مَا جو كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ
وہ کیا کرتے تھے

جو کچھ تمہارے پاس ہے وہ ختم ہو جائے گا اور جو اللہ تعالیٰ کے پاس ہے وہ باقی رہنے والا ہے۔ اور ہم صبر کرنے والوں کو ان کے بہترین اعمال کے عوض لازماً اجر دیں گے۔

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَ هُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَ لَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٩٧﴾

مَنْ جو کوئی بھی عَمِلَ عمل کرے صَالِحًا نیک مِّنْ ذَكَرٍ مرد ہو اَوْ یا اُنْثٰى عورت وَهُوَ بشرطیکہ وہ مُؤْمِنٌ مومن فَلَنُحْيِيَنَّهٗ تو ہم اسے لازماً زندہ رکھیں گے حَيٰوةً زندگی طَيِّبَةً پاکیزہ وَ اور لَنَجْزِيَنَّهُمْ ہم لازماً انہیں عطا کریں گے اَجْرَهُمْ ان کا اجر بِاَحْسَنِ بہترین مَا جو كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ وہ کیا کرتے تھے

کوئی بھی مرد یا عورت نیک عمل کرے؛ بشرطیکہ وہ مومن ہو؛ تو ہم اسے لازماً پاکیزہ زندگی کے ساتھ زندہ رکھیں گے اور ہم انہیں ان کے بہترین اعمال کے عوض لازماً اجر عطا فرمائیں گے۔

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿٩٨﴾

فَاِذَا چنانچہ جب قَرَاْتَ آپ پڑھنے لگیں الْقُرْاٰنَ قرآن فَاسْتَعِذْ تو پناہ مانگ لیا کریں بِاللّٰهِ اللہ تعالیٰ کی مِنَ سے الشَّيْطٰنِ شیطان الرَّجِيْمِ مردود

چنانچہ جب آپ قرآن پڑھنے لگیں تو شیطان مردود سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگ لیا کریں۔

اِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿٩٩﴾

اِنَّهٗ یقینی بات ہے لَيْسَ نہیں لَهٗ اس کا سُلْطٰنٌ کوئی زور عَلَى پر الَّذِيْنَ وہ لوگ جو اٰمَنُوْا ایمان لائے وَعَلٰى رَبِّهِمْ اور اپنے رب پر يَتَوَكَّلُوْنَ توکل کرتے ہیں

یقینی بات ہے کہ شیطان کا زور ان لوگوں پر نہیں چلتا جو ایمان لائے اور اپنے رب پر توکل کرتے ہیں۔

اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ وَ الَّذِيْنَ هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ ﴿١٠٠﴾

اِنَّمَا فقط سُلْطٰنُهٗ اس کا زور عَلَى پر الَّذِيْنَ وہ لوگ جو يَتَوَلَّوْنَهٗ اس کو دوست بناتے

ہیں وَالَّذِيْنَ اور وہ لوگ جو هُمْ وہ بِهٖ اللہ کے ساتھ مُشْرِكُوْنَ شرک کرتے ہیں

اس کا زور تو انہی پر چلتا ہے جو اسے دوست بناتے ہیں اور جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرتے ہیں۔

وَاِذَا بَدَّلْنَآ اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ ۙ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مُفْتَرٍ ۭ

بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ (١٠١)

وَاِذَا اور جب بَدَّلْنَآ ہم بدل دیتے ہیں اٰيَةً کوئی آیت مَّكَانَ جگہ اٰيَةٍ دوسری آیت

وَّاللّٰهُ اور اللہ تعالیٰ اَعْلَمُ خوب جانتا ہے بِمَا اس کو جو يُنَزِّلُ وہ نازل کرتا ہے قَالُوْٓا وہ

کہتے ہیں اِنَّمَآ محض اَنْتَ تم مُفْتَرٍ گھڑنے والے بَلْ دراصل اَكْثَرُهُمْ ان کی

اکثریت لَا يَعْلَمُوْنَ بے علم ہے

اور جب ہم ایک آیت کو دوسری آیت سے بدل دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ہی خوب جانتا ہے کہ وہ کیا نازل فرمائے؛ تو یہ لوگ کہنے لگتے ہیں کہ تم تو محض ایک گھڑنے والے ہو۔ دراصل بات یہ ہے کہ ان کی اکثریت بے علم ہے۔

قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهُدًى وَّ

بُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ (١٠٢)

قُلْ آپ بتادیں نَزَّلَهٗ اسے اتارا ہے رُوْحُ الْقُدُسِ جبرئیل نے مِنْ سے رَّبِّكَ آپ کا

رب بِالْحَقِّ ٹھیک لِيُثَبِّتَ تاکہ ثابت قدم رکھے الَّذِيْنَ ان لوگوں کو جو

اٰمَنُوْا ایمان لائے وَهُدًى اور ہدایت وَّبُشْرٰى اور خوشخبری لِلْمُسْلِمِيْنَ مسلمانوں

کے لیے

آپ انہیں یہ بتادیجیے کہ اس کو روح القدس [جبرائیل علیہ السلام] نے آپ کے رب کی طرف سے ٹھیک ٹھیک اتارا ہے تاکہ ان لوگوں کو ثابت قدم رکھے جو ایمان لائے اور مسلمانوں کے لیے ہدایت اور خوشخبری بنے۔

وَ لَقَدۡ نَعۡلَمُ اَنَّهُمۡ يَقُوۡلُوۡنَ اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ؕ لِسَانُ الَّذِىۡ يُلۡحِدُوۡنَ اِلَيۡهِ اَعۡجَمِىٌّ وَّ هٰذَا لِسَانٌ عَرَبِىٌّ مُّبِيۡنٌ (١٠٣)

وَ اور لَقَدۡ نَعۡلَمُ ہم خوب جانتے ہیں اَنَّهُمۡ کہ وہ يَقُوۡلُوۡنَ کہتے ہیں اِنَّمَا فقط يُعَلِّمُهٗ اس کو سکھاتا ہے بَشَرٌ کوئی آدمی لِسَانُ زبان الَّذِىۡ اس کی جو يُلۡحِدُوۡنَ ناحق نسبت کرتے ہیں اِلَيۡهِ اس کی طرف اَعۡجَمِىٌّ عجمی وَّهٰذَا اور یہ لِسَانٌ زبان عَرَبِىٌّ عربی مُّبِيۡنٌ فصیح

اور ہم خوب جانتے ہیں کہ یہ لوگ کہتے ہیں کہ اس پیغمبر کو کوئی آدمی سکھاتا ہے۔ یہ لوگ جس آدمی کی طرف یہ ناحق نسبت کرتے ہیں اس کی زبان تو عجمی ہے اور یہ قرآن فصیح عربی زبان ہے۔

اِنَّ الَّذِيۡنَ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۙ لَا يَهۡدِيۡهِمُ اللّٰهُ وَ لَهُمۡ عَذَابٌ اَلِيۡمٌ (١٠٤)

اِنَّ حقیقت یہ ہے کہ الَّذِيۡنَ وہ لوگ جو لَا يُؤۡمِنُوۡنَ نہیں مانتے بِاٰيٰتِ اللّٰهِ اللہ تعالیٰ کی آیات کو لَا يَهۡدِيۡهِمُ انہیں ہدایت نہیں دیتا اللّٰهُ اللہ تعالیٰ وَلَهُمۡ اور ان کے لیے عَذَابٌ عذاب اَلِيۡمٌ دردناک

حقیقت یہ ہے کہ جو لوگ اللہ تعالیٰ کی آیات کو نہیں مانتے، اللہ تعالیٰ بھی انہیں ہدایت نہیں دیتا، اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

اِنَّمَا يَفۡتَرِى الۡكَذِبَ الَّذِيۡنَ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۚ وَ اُولٰۤٮِٕكَ هُمُ الۡكٰذِبُوۡنَ (١٠٥)

اِنَّمَا فقط يَفۡتَرِى بہتان باندھتے ہیں الۡكَذِبَ جھوٹا الَّذِيۡنَ وہ لوگ جو لَا يُؤۡمِنُوۡنَ نہیں مانتے بِاٰيٰتِ اللّٰهِ اللہ تعالیٰ کی آیات کو وَاُولٰۤٮِٕكَ اور وہ لوگ هُمُ وہی الۡكٰذِبُوۡنَ جھوٹے

دراصل وہی لوگ جھوٹے بہتان باندھتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کی آیات کو نہیں مانتے اور وہ لوگ پکے جھوٹے ہیں۔

مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِهٖۤ اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَ قَلْبُهٗ مُطْمَىٕنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ وَ لٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ ۚ وَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ (۱۰۶)

مَنْ جس نے كَفَرَ کفر کیا بِاللّٰهِ اللہ تعالیٰ کے ساتھ مِنْۢ بَعْدِ بعد اِيْمَانِهٖۤ اس کا ایمان اِلَّا سوائے مَنْ جسے اُكْرِهَ مجبور کیا گیا ہو وَقَلْبُهٗ جبکہ اس کا دل مُطْمَىٕنٌّۢ مطمئن بِالْاِيْمَانِ ایمان پر وَلٰكِنْ اور لیکن مَّنْ جو شَرَحَ کھول دے بِالْكُفْرِ کفر کے لیے صَدْرًا سینہ فَعَلَيْهِمْ تو ان پر غَضَبٌ غضب مِّنَ اللّٰهِ اللہ تعالیٰ کا وَلَهُمْ اور ان کے لیے عَذَابٌ عذاب عَظِيْمٌ بڑا

اگر کسی نے ایمان لانے کے بعد اللہ تعالیٰ کے ساتھ کفر کیا؛ الا یہ کہ کسی کو مجبور کیا گیا ہو اور اس کا دل ایمان پر مطمئن ہو [تو اسے معافی ہے]؛ ہاں مگر جس کا سینہ ہی کفر کے لیے کھل جائے تو ایسے لوگوں پر اللہ تعالیٰ کا غضب ہے اور ان کے لیے بڑا عذاب ہے۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ ۙ وَ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ (۱۰۷)

ذٰلِكَ یہ بِاَنَّهُمُ اس لیے کہ انہوں نے اسْتَحَبُّوا محبوب جانا الْحَيٰوةَ زندگی الدُّنْيَا دنیوی عَلَى مقابلے میں الْاٰخِرَةِ آخرت وَاَنَّ اور یہ کہ اللّٰهَ اللہ تعالیٰ لَا يَهْدِي ہدایت نہیں دیتا الْقَوْمَ لوگ الْكٰفِرِيْنَ ناشکرے

یہ اس وجہ سے ہے کہ انہوں نے دنیوی زندگی کو آخرت کے مقابلے میں محبوب جانا، اور اس لیے بھی کہ اللہ تعالیٰ ایسے ناشکروں کو ہدایت نہیں دیتا۔

اُولٰٓىِٕكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَ سَمْعِهِمْ وَ اَبْصَارِهِمْ ۚ وَ اُولٰٓىِٕكَ

هُمُ الْغٰفِلُوْنَ (١٠٨)

اُولٰٓئِكَ وہ لوگ الَّذِيْنَ جو کہ طَبَعَ مہر لگادی اللّٰهُ اللہ تعالیٰ نے عَلٰی پر قُلُوْبِهِمْ ان کے دل وَسَمْعِهِمْ اور ان کے کان وَاَبْصَارِهِمْ ان کی آنکھیں وَاُولٰٓئِكَ اور وہ لوگ هُمُ وہی الْغٰفِلُوْنَ غافل[جمع]

یہ وہ لوگ ہیں جن کے دلوں، کانوں اور آنکھوں پر اللہ تعالیٰ نے مہر لگادی ہے اور یہ لوگ بالکل ہی غافل ہیں۔

لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ (١٠٩)

لَا جَرَمَ یقینی بات ہے اَنَّهُمْ کہ وہ فِي الْاٰخِرَةِ آخرت میں هُمُ وہی الْخٰسِرُوْنَ نقصان اٹھانے والے

یقینی بات ہے کہ آخرت میں یہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہوں گے۔

ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ هَاجَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا فُتِنُوْا ثُمَّ جٰهَدُوْا وَ صَبَرُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (١١٠)

ثُمَّ پھر اِنَّ یقیناً رَبَّكَ آپ کا رب لِلَّذِيْنَ ان لوگوں کے لیے جنہوں نے هَاجَرُوْا ہجرت کی مِنْۢ بَعْدِ اس کے بعد مَا کہ فُتِنُوْا انہیں ستایا گیا ثُمَّ پھر جٰهَدُوْا انہوں نے جہاد کیا وَصَبَرُوْٓا اور ثابت قدم رہے اِنَّ بیشک رَبَّكَ آپ کا رب مِنْۢ بَعْدِهَا اس کے بعد لَغَفُوْرٌ البتہ بڑا بخشنے والا رَّحِيْمٌ نہایت مہربان

پھر یقیناً آپ کا رب ان لوگوں کے حق میں جنہوں نے ستائے جانے کے بعد ہجرت کی، پھر جہاد کیا اور ثابت قدم رہے؛ تو یقیناً آپ کا رب ان اعمال کے بعد بڑا بخشنے والا، نہایت رحم فرمانے والا ہے۔

يَوْمَ تَاْتِيْ كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا وَتُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ (١١١)

يَوْمَ جس دن تَأْتِيْ آئے گا كُلُّ ہر نَفْسٍ شخص تُجَادِلُ دفاع کرتا ہوں عَنْ سے نَّفْسِهَا اپنی طرف وَتُوَفّٰى اور پورا پورا دیا جائے گا كُلُّ ہر نَفْسٍ شخص مَّا جو عَمِلَتْ اس نے کیا وَهُمْ اور وہ لَا يُظْلَمُوْنَ ان پر ظلم نہ کیا جائے گا

جس دن ہر شخص صرف اپنا دفاع کرتا ہوا آئے گا اور ہر ایک کو اس کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا اور ان پر کوئی زیادتی نہیں کی جائے گی۔

وَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَ الْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ (١١٢)

وَضَرَبَ اللّٰهُ اور اللہ تعالیٰ نے بیان فرمائی مَثَلًا مثال قَرْيَةً ایک بستی كَانَتْ جو تھی اٰمِنَةً امن سے مُّطْمَئِنَّةً اطمینان سے يَّاْتِيْهَا اس کے پاس آ رہا تھا رِزْقُهَا اس کا رزق رَغَدًا بڑی فراوانی سے مِّنْ سے كُلِّ مَكَانٍ ہر جگہ فَكَفَرَتْ پھر اس نے ناشکری کی بِاَنْعُمِ نعمتوں کی اللّٰهِ اللہ تعالیٰ فَاَذَاقَهَا تو اس کو چکھایا اللّٰهُ اللہ تعالیٰ نے لِبَاسَ لباس الْجُوْعِ بھوک وَالْخَوْفِ اور خوف بِمَا اس کے بدلے میں جو كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ وہ کرتوت کرتے تھے

اللہ تعالیٰ نے ایک بستی کی مثال بیان فرمائی جو امن اور اطمینان سے آباد تھی، اس کا رزق ہر جگہ سے بڑی فراوانی کے ساتھ اس کے پاس آ رہا تھا۔ پھر جب انہوں نے اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی ناشکری شروع کر دی تو ان کے کرتوتوں کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے بھوک اور خوف کو مسلط کر دیا۔

وَ لَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَ هُمْ ظٰلِمُوْنَ (١١٣)

وَ اور لَقَدْ جَآءَهُمْ یقیناً ان کے پاس آیا رَسُوْلٌ ایک رسول مِّنْهُمْ ان میں سے

فَكَذَّبُوْهُ مگر انہوں نے اسے جھٹلا دیا فَاَخَذَهُمُ تو انہیں آ پکڑا الْعَذَابُ عذاب

وَهُمْ اور وہ ظٰلِمُوْنَ ظالم [جمع]

اور ان کے پاس انہی میں سے ایک رسول آیا مگر انہوں نے اسے جھٹلا دیا آخر کار انہیں

عذاب نے آ پکڑا اور وہ ظلم اپنائے ہوئے تھے۔

فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّ اشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ

تَعْبُدُوْنَ (١١٤)

فَكُلُوْا اب تم کھاؤ مِمَّا اس سے جو رَزَقَكُمُ تمہیں رزق عطا فرمایا ہے اللّٰهُ اللہ تعالیٰ نے

حَلٰلًا حلال طَيِّبًا پاک وَّاشْكُرُوْا اور شکر کرو نِعْمَتَ نعمت اللّٰهِ اللہ تعالیٰ اِنْ اگر

كُنْتُمْ تم ہو اِيَّاهُ صرف اس کی تَعْبُدُوْنَ تم بندگی کرتے ہو

اب تم اس میں سے کھاؤ جو اللہ تعالیٰ نے تمہیں حلال اور پاک رزق عطا فرمایا ہے اور

اگر تم اللہ تعالیٰ کی بندگی کرتے ہو تو اس کی نعمت کا شکر ادا کیا کرو۔

اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَ الدَّمَ وَ لَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَ مَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ

بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (١١٥)

اِنَّمَا فقط حَرَّمَ حرام کیا عَلَيْكُمُ تم پر الْمَيْتَةَ مردار وَالدَّمَ اور خون وَلَحْمَ اور

گوشت الْخِنْزِيْرِ خنزیر وَمَآ اور جسے اُهِلَّ پکارا جائے لِغَيْرِ اللّٰهِ غیر اللہ کے لیے بِهٖ

اس پر فَمَنِ البتہ جو اضْطُرَّ حالتِ اضطرار میں ہو غَيْرَ بَاغٍ سرکشی کرنے والا نہ ہو وَّ اور

لَا عَادٍ حد سے بڑھنے والا بھی نہ ہو فَاِنَّ اللّٰهَ تو بیشک اللہ تعالیٰ غَفُوْرٌ بڑا بخشنے والا

رَّحِيْمٌ نہایت مہربان

اس نے تو تم پر مردار، خون اور خنزیر کا گوشت اور وہ جانور حرام کیا ہے جس پر غیر اللہ

کا نام لیا گیا ہو۔ البتہ جو شخص حالتِ اضطرار میں ہو؛ [طلبِ لذت میں احکامِ شریعت

سے] سرکشی کرنے والا نہ ہو اور [مجبوری کی] حد سے بڑھ جانے والا بھی نہ ہو، تو بلاشبہ

اللہ تعالیٰ بڑا بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔

وَ لَا تَقُوْلُوْا لِمَا تَصِفُ اَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ هٰذَا حَلٰلٌ وَّ هٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ؕ(۱۱۶)

وَ اور لَا تَقُوْلُوْا نہ کہا کرو لِمَا وہ جس کے بارے میں تَصِفُ بیان کرتی ہیں اَلْسِنَتُكُمُ تمہاری زبانیں الْكَذِبَ جھوٹ هٰذَا یہ حَلٰلٌ حلال وَّهٰذَا اور یہ حَرَامٌ حرام لِّتَفْتَرُوْا کیونکہ اس طرح تم بہتان باندھو گے عَلَى پر اللّٰهِ اللہ تعالیٰ الْكَذِبَ جھوٹا اِنَّ بیشک الَّذِيْنَ وہ لوگ جو يَفْتَرُوْنَ بہتان باندھتے ہیں عَلَى پر اللّٰهِ اللہ تعالیٰ الْكَذِبَ جھوٹا لَا يُفْلِحُوْنَ وہ فلاح نہ پائیں گے

اور جن چیزوں کے بارے میں تمہاری زبانیں جھوٹے دعوے کرتی ہیں، ان کے متعلق یوں نہ کہا کرو کہ یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے، کیونکہ اس طرح تو تم اللہ تعالیٰ پر جھوٹا بہتان باندھو گے۔ بیشک جو لوگ اللہ تعالیٰ پر جھوٹا بہتان باندھتے ہیں وہ فلاح نہیں پائیں گے۔

مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۪ وَّ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ (۱۱۷)

مَتَاعٌ فائدہ / عیش قَلِيْلٌ تھوڑا سا / چند روزہ وَّلَهُمْ اور ان کے لیے عَذَابٌ عذاب اَلِيْمٌ دردناک

یہ چند روزہ عیش ہے، پھر ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

وَ عَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا مَا قَصَصْنَا عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ ۚ وَ مَا ظَلَمْنٰهُمْ وَ لٰكِنْ كَانُوْۤا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ (۱۱۸)

وَ اور عَلَى پر الَّذِيْنَ جو لوگ هَادُوْا یہودی ہوئے حَرَّمْنَا ہم نے حرام کر دی تھیں مَا جو قَصَصْنَا ہم ذکر کر چکے ہیں عَلَيْكَ آپ سے مِنْ قَبْلُ پہلے وَ اور مَا ظَلَمْنٰهُمْ ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا وَلٰكِنْ بلکہ كَانُوْۤا وہ تھے اَنْفُسَهُمْ اپنے اوپر يَظْلِمُوْنَ ظلم

ڈھاتے رہے

اور ہم نے یہودیوں پر وہ چیزیں حرام کر دی تھیں جن کا ذکر ہم پہلے آپ سے کر چکے ہیں۔ اور ہم نے تو ان پر کوئی ظلم نہیں کیا لیکن وہ خود ہی اپنے اوپر ظلم ڈھاتے رہے۔

ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ عَمِلُوا السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَ اَصْلَحُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۹﴾

ثُمَّ پھر اِنَّ بیشک رَبَّكَ آپ کا رب لِلَّذِيْنَ ان لوگوں کے لیے جنہوں نے عَمِلُوا کام کیے السُّوْٓءَ برے بِجَهَالَةٍ نادانی سے ثُمَّ پھر تَابُوْا انہوں نے توبہ کر لی مِنْۢ بَعْدِ اس کے بعد ذٰلِكَ اس وَاَصْلَحُوْٓا اور اصلاح کر لی اِنَّ بیشک رَبَّكَ آپ کا رب مِنْۢ بَعْدِهَا اس کے بعد لَغَفُوْرٌ البتہ بڑا مغفرت والا رَّحِيْمٌ نہایت مہربان

پھر بھی آپ کا رب ان لوگوں کے حق میں؛ جنہوں نے نادانی سے برے کام کیے پھر اس کے بعد توبہ کی اور اصلاح کر لی؛ تو یقیناً آپ کا پروردگار ان اعمال کے بعد بڑا مغفرت والا، نہایت رحم والا ہے۔

اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِيْفًا ؕ وَلَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۲۰﴾

اِنَّ بیشک اِبْرٰهِيْمَ ابراہیم كَانَ تھا اُمَّةً ایک امت قَانِتًا فرمانبردار لِّلّٰهِ اللہ تعالیٰ کے حَنِيْفًا یکسو وَ اور لَمْ يَكُ وہ نہ تھا مِنَ سے الْمُشْرِكِيْنَ مشرکین

بلاشبہ ابراہیم [علیہ السلام اپنی ذات میں] پوری ایک امت تھے، اللہ تعالیٰ کے فرمانبردار، اور اسی کی طرف یکسو تھے اور ان کا شمار مشرکین میں تو نہیں ہوتا تھا۔

شَاكِرًا لِّاَنْعُمِهٖ ؕ اِجْتَبٰىهُ وَهَدٰىهُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۲۱﴾

شَاكِرًا شکر گزار لِّاَنْعُمِهٖ اس کی نعمتوں کا اِجْتَبٰىهُ اس نے اسے چن لیا وَ هَدٰىهُ اور اسے ہدایت دی اِلٰى طرف صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ سیدھی راہ

اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کے شکر گزار تھے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں منتخب فرما لیا اور انہیں

سیدھی راہ کی ہدایت دی۔

وَاٰتَيْنٰهُ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ؕ وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ؕ(١٢٢)

وَاٰتَيْنٰهُ اور ہم نے اسے عطا کی فِي الدُّنْيَا دنیا میں حَسَنَةً بھلائی وَاِنَّهٗ اور بیشک وہ فِي الْاٰخِرَةِ آخرت میں لَمِنَ البتہ شمار ہوں گے الصّٰلِحِيْنَ نیک بندے

ہم نے انہیں دنیا میں بھی بھلائی عطا کی اور بلاشبہ وہ آخرت میں بھی نیک بندوں میں شمار ہوں گے۔

ثُمَّ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَ مَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ (١٢٣)

ثُمَّ پھر اَوْحَيْنَآ ہم نے وحی بھیجی اِلَيْكَ آپ کی طرف اَنِ کہ اتَّبِعْ اتباع کیجیے مِلَّةَ ملت اِبْرٰهِيْمَ ابراہیم حَنِيْفًا یکسو وَمَا كَانَ اور وہ نہ تھا مِنَ سے الْمُشْرِكِيْنَ مشرکین

پھر ہم نے آپ کی طرف وحی بھیجی کہ ابراہیم کی ملت کا اتباع کیجیے، جو اللہ تعالیٰ کی طرف یکسو تھے اور وہ مشرکین میں سے نہ تھے۔

اِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ؕ وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ (١٢٤)

اِنَّمَا فقط جُعِلَ لازم کیا گیا تھا السَّبْتُ ہفتہ کا دن عَلَى پر الَّذِيْنَ وہ لوگ جنہوں نے اخْتَلَفُوْا اختلاف کیا تھا فِيْهِ اس میں وَاِنَّ اور بیشک رَبَّكَ آپ کا رب لَيَحْكُمُ البتہ فیصلہ فرمادے گا بَيْنَهُمْ ان کے درمیان يَوْمَ الْقِيٰمَةِ قیامت کے دن فِيْمَا اس میں جو كَانُوْا وہ تھے فِيْهِ اس میں يَخْتَلِفُوْنَ اختلاف کیا کرتے تھے

ہفتہ کا دن تو صرف انہی لوگوں پر لازم کیا گیا تھا جنہوں نے اس میں اختلاف کیا تھا۔ اور بلاشبہ آپ کا رب قیامت کے دن ان کے درمیان ان چیزوں کے متعلق فیصلہ فرمادے

گا جس میں وہ اختلاف کیا کرتے تھے۔

اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَ الْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَ جَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ
اَحْسَنُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَ هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ
(۱۲۵)

اُدْعُ بلائیے اِلٰى طرف سَبِيْلِ راہ رَبِّكَ آپ کے رب کی بِالْحِكْمَةِ حکمت سے وَالْمَوْعِظَةِ اور نصیحت الْحَسَنَةِ عمدہ وَجَادِلْهُمْ اور ان سے بحث کیجیے بِالَّتِيْ ایسے انداز میں جو هِيَ وہ اَحْسَنُ اچھا اِنَّ بیشک رَبَّكَ آپ کا رب هُوَ وہ اَعْلَمُ خوب جاننے والا بِمَنْ اس کو جو ضَلَّ بھٹک گیا عَنْ سے سَبِيْلِهٖ اس کی راہ وَهُوَ اور وہ اَعْلَمُ خوب جاننے والا بِالْمُهْتَدِيْنَ ہدایت یافتہ لوگوں کو

حکمت اور عمدہ نصیحت کے ذریعے اپنے رب کی راہ کی طرف بلائیے اور ان سے ایسے انداز میں بحث کیجیے جو اچھا ہو۔ بلاشبہ آپ کا رب انہیں خوب جانتا ہے جو اس کی راہ سے بھٹک گئے اور وہ انہیں بھی خوب جانتا ہے جو ہدایت یافتہ ہیں۔

وَ اِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ ؕ وَ لَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ
لِّلصّٰبِرِيْنَ (۱۲۶)

وَاِنْ اور اگر عَاقَبْتُمْ تم بدلہ لینے لگو فَعَاقِبُوْا تو بدلہ لو / تکلیف پہنچاؤ بِمِثْلِ ایسی ہی مَا جتنی کہ عُوْقِبْتُمْ تمہیں تکلیف دی گئی / تمہارے ساتھ زیادتی کی گئی بِهٖ اس سے وَلَئِنْ اور اگر صَبَرْتُمْ تم صبر کر لو لَهُوَ تو وہ خَيْرٌ بہت ہی اچھا لِلصّٰبِرِيْنَ صبر کرنے والوں کے حق میں

اور اگر تم بدلہ لینے لگو تو اتنا ہی بدلہ لو جتنی زیادتی تمہارے ساتھ کی گئی تھی۔ اور اگر تم صبر کر لو تو بلاشبہ یہ صبر کرنے والوں کے حق میں بہت ہی اچھا ہے۔

وَ اصْبِرْ وَ مَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَ لَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَ لَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا

يَمْكُرُوْنَ ﴿١٢٧﴾

وَاصْبِرْ اور آپ صبر کرتے رہیں وَمَا اور نہیں صَبْرُكَ آپ کا صبر اِلَّا مگر بِاللّٰهِ اللہ تعالیٰ کی توفیق سے وَلَا تَحْزَنْ اور غم نہ کیا کریں عَلَيْهِمْ ان پر وَلَا تَكُ اور نہ ہوا کریں فِيْ میں ضَيْقٍ تنگی مِّمَّا اس سے جو يَمْكُرُوْنَ وہ مکاریاں کرتے ہیں

آپ صبر کرتے رہیں اور آپ کا صبر تو اللہ تعالیٰ کی توفیق سے ہی ہے۔ اور ان پر غم نہ کیا کریں اور یہ لوگ جو مکاریاں کرتے ہیں ان کی وجہ سے تنگ دل نہ ہوا کریں۔

اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّ الَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ﴿١٢٨﴾

اِنَّ بیشک اللّٰهَ اللہ تعالیٰ مَعَ ساتھ الَّذِيْنَ ان لوگوں کے جو اتَّقَوْا تقویٰ اختیار کریں وَّالَّذِيْنَ اور وہ لوگ جو هُمْ وہ مُّحْسِنُوْنَ صاحبِ احسان [جمع]

بلاشبہ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کے ساتھ ہے جو تقویٰ اختیار کریں اور جو صاحبِ احسان ہوں۔